لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | ہفتہ 4 جولائی 2026ء، 18 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 306
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

مسافر بس حادثہ 40 افراد جاں بحق

حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئیں، جاں بحق افراد کی شناخت، 13 کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے

وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا واقعہ پر اظہار افسوس: امدادی کارروائیوں میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، ہدایت

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی سرحد پر کوچ گہری کھائی میں گرنے سے 40 مسافر جاں بحق اور کئی زخمی ہو گئے۔ کوئٹہ سے پشاور جانے والی ایک مسافر کوچ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی سرحد پر واقع دانہ سر کے مقام پر گہری کھائی میں گرنے سے خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں اب تک 40 مسافر جاں بحق جبکہ 8 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ضلع شیرانی کی انتظامیہ، ریسکیو ٹیمیں اور ایمبولینسز فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچ گئیں، جبکہ خیبر پختونخوا سے بھی ریسکیو اہلکار امدادی کارروائیوں میں حصہ لینے کے لیے موقع پر پہنچ گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ کے مطابق زخمیوں کو ریسکیو کر کے قریبی اسپتالوں میں منتقل کیا جا رہا ہے، جبکہ جاں بحق افراد کی لاشیں نکالنے اور منتقل کرنے کے لیے امدادی سرگرمیاں تاحال جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کاہنہ دورہ پر جاں بحق بچوں کیلئے دعا دوسری طرف ماؤں کو دلاسا دے رہی ہیں

سانحہ کاہنہ، مریم نواز کی متاثرہ خاندانوں کو تعاون کی یقین دہانی

صوبائی حکومت کی جانب سے جاں بحق بچوں کے لواحقین میں 20 لاکھ کے امدادی چیکس تقسیم

لاہور (آئی این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سانحہ کاہنہ کے سوگوار گھروں میں پہنچ گئیں۔ غم سے نڈھال ماں کو گلے لگا کر دلاسہ دیا، دکھ میں شریک ہوئیں اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سانحہ کاہنہ میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے اہلِ خانہ سے تعزیت کی اور حکومت پنجاب کی جانب سے جاں بحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

نماز جمعہ کے خطبے کے دوران علامہ ناصر مدنی بے ہوش گئے، ہسپتال منتقل

لاہور (آئی این پی) معروف مذہبی اسکالر علامہ ناصر مدنی خطبہ جمعہ دیتے ہوئے اچانک بے ہوش ہو گئے، جس کے بعد نمازیوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

زرعی ترقیاتی بینک 80.6 ارب روپے کے قرضوں کی وصولی میں ناکام

26.98 ارب روپے نان پرفارمنگ، 53.08 ارب روپے چارج آف کیے گئے قرضوں پر مشتمل

عدم وصولی کی بنیادی وجوہات کمزور جانچ پڑتال، کریڈٹ کنٹرولز کی خامیاں اور غیر مؤثر نظام، آڈٹ رپورٹ

لاہور (بیورو رپورٹ) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی مالی سال 2023-24 کی آڈٹ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ 80.6 ارب روپے کے غیر فعال (نان پرفارمنگ) اور چارج آف کیے گئے قرضوں کی وصولی میں ناکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق مجموعی غیر وصول شدہ رقم میں 98.26 ارب روپے نان پرفارمنگ قرضوں، جبکہ 08.53 ارب روپے چارج آف کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

تہران، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وفاقی وزراء شہید ایرانی سپریم لیڈر کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

شہید علی خامنہ ای تعزیتی اجتماع

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی شرکت

رہنماؤں کا سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای، صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان اور برادر عوام ایران کے ساتھ قومی سانحے پر مکمل یکجہتی کا اظہار

وزیراعظم تہران کا دورہ مکمل کر کے استنبول پہنچ گئے، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عباس عراقچی سے ملاقات، شہید خامنہ ای کی خدمات کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر شہید ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ میں شرکت کے لیے تہران پہنچ گئے اور شہید کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ رپورٹ کے مطابق پہلے فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران پہنچے جہاں ایرانی وزیر دفاع، وزیر داخلہ اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے تہران ایئرپورٹ پر استقبال کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ فیلڈ مارشل کے بعد وزیراعظم وفد کے ہمراہ پہنچے، وفد میں عطا تارڑ، بلاول بھٹو، مراد علی شاہ، نیر بخاری، دیگر وزرا اور ارکان اسمبلی بھی شامل ہیں۔ تہران آمد کے بعد وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امام خمینی حسینیہ سینٹر پہنچے جہاں شہید کا جسد خاکی رکھا گیا ہے، پاکستانی سول اور عسکری قیادت نے شہید کے لیے فاتحہ خوانی کی اور نماز جنازہ میں شرکت کی۔ اس پُر ملال موقع پر وزیراعظم نے اسلام کے لیے شہید سپریم لیڈر کی گراں قدر خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کئی دہائیوں تک غیر معمولی بصیرت، حکمت اور دور اندیشی کے ساتھ ایرانی قوم کی رہنمائی کی وزیراعظم نے سپریم لیڈر، آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای، صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان اور برادر عوام ایران کے ساتھ اس قومی سانحے پر مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور شہید رہنما کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی۔ سینیٹ چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت میں پارلیمانی وفد، ارکانِ پارلیمان اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی وزیراعظم کے ہمراہ جنازے میں شرکت کی۔ نمازِ جنازہ میں شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

استنبول، وزیراعظم شہباز شریف کا ترکیہ دورہ پہنچنے پر ترک وزیر تجارت استقبال کر رہے ہیں

متعدی امراض کے پھیلاؤ کے سدباب کیلئے غیر معیاری سرنجز پر پابندی لگائی جائے

وزیراعظم کی ہدایت

خلافِ ضابطہ سرنجوں کے استعمال میں ملوث، مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد اور اسپتالوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

قومی سطح پر جامع حکمت عملی کی تشکیل اور اس پر موثر عمل درآمد ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ متعدی امراض کے فوری سدباب کیلئے ملک بھر میں غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے، جبکہ خلافِ ضابطہ سرنجوں کے استعمال میں ملوث یا اس کی روک تھام میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد اور اسپتالوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایڈز اور ہیپاٹائٹس سی جیسے متعدی امراض کی روک تھام سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آبا، وزیر ریلوے حنیف عباسی سے گجرات چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سونا 21 ہزار سے زائد مہنگا، فی تولہ 4 لاکھ 40 ہزار 936 کا ہو گیا

کراچی (آئی این پی) فی تولہ سونے کی قیمت میں مسلسل دوسرے روز بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق آج سونے کا بھاؤ 12 ہزار 200 روپے اضافے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

سب میرین کیبل میں تکنیکی خرابی دور، انٹرنیٹ سروس بحال

ایس ایم ڈبلیو ای 5 میں خرابی کے باعث کئی ممالک میں انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی تھی

اسلام آباد (صباح نیوز) سب میرین کیبل میں تکنیکی خرابی دور، انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر بحال ہوگئی۔ پی ٹی اے کے مطابق سب میرین کیبل ایس ایم ڈبلیو ای 5 (SMW5) سے تکنیکی خرابی دور ہوگئی جس کے بعد انٹرنیٹ سروس مکمل طور پر بحال ہوگئی ایس ایم ڈبلیو ای 5 کی بحالی کے بعد ملک بھر میں انٹرنیٹ کنیکٹیوٹی معمول پر آگئی، ٹرانس ورلڈ ایسوسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

ثالثی محض عدالتی کارروائی کا متبادل نہیں، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ ثالثی محض عدالتی کارروائی کا متبادل نہیں بلکہ سرمایہ کاری، معاشی ترقی، کاروبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

لاہور، 760 غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ اکیڈمیز کا انکشاف

فوری رجسٹریشن بصورت دیگر غیر رجسٹرڈ اداروں کو بند کر دیا جائے گا، متعلقہ حکام

لاہور (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں غیر رجسٹرڈ اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 760 غیر قانونی اداروں کا انکشاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی کے ٹیرف میں کمی پر کام کر رہے ہیں، محمد اورنگزیب

ٹیکس نظام میں اصلاحات، شفافیت اور ٹیکس وصولی کے موثر نظام پر ہے

فیصل آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت کی توجہ نئے ٹیکس عائد کرنے کے بجائے ٹیکس نظام میں اصلاحات، شفافیت اور ٹیکس وصولی کے موثر نظام پر ہے جبکہ صنعتی شعبے کیلئے بجلی کے ٹیرف میں کمی پر کام کر رہے ہیں، حکومت ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس میں جا کر تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل سن رہی ہے اور ان کے حل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

وفاقی وزیر محمد اورنگزیب فیصل آباد چیمبر دورہ کے موقع پر مہمانوں کی کتاب میں تاثرات درج کر رہے ہے

عالمی منڈی کے مطابق پٹرول سستا کیا جائے، حافظ نعیم الرحمن

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں ایران-امریکا کشیدگی سے پہلے کی سطح پر واپس آچکی

اسلام آباد (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں ایران-امریکا کشیدگی سے پہلے کی سطح پر واپس آچکی ہیں، اسلئے حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں امیر جماعت اسلامی نے مطالبہ کیا کہ پٹرول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مہنگائی ہماری توقعات سے زیادہ رہی، گورنر اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک نے 5 ارب ڈالرز کے بیرونی قرضے بھی ادا کیے، جمیل احمد

کراچی (آئی این پی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات اور کرایوں میں اضافے کے باعث مہنگائی ہماری توقعات سے زیادہ رہی، میکرو اکنامک اشاریے معاشی استحکام کی تصدیق کرتے ہیں، رواں مالی سال تیسری سہ ماہی میں معاشی ترقی کی شرح 4 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے، جس کی بنیادی وجہ زراعت اور صنعتی شعبوں میں نمایاں بہتری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

لزبن، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کو پرتگال کے وزیر تحفہ پیش کر رہے ہیں

راولپنڈی، انتظامی و پولیس افسران کے تبادلے

حسن وقار چیمہ کی جگہ کیپٹن (ر) ندیم ناصر کو نیا ڈپٹی کمشنر راولپنڈی تعینات کیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی): پنجاب حکومت نے راولپنڈی ڈویژن میں بڑے پیمانے پر انتظامی و پولیس افسران کے تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کمشنر راولپنڈی ڈویژن محمد عبدالعامر خٹک کا تبادلہ کرتے ہوئے انہیں سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (S&GAD) رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

دہشتگرد حملوں کیخلاف دفاع پاکستان کا حق ہے، امریکہ

پاکستان واشنگٹن کا ایک اہم غیر نیٹو اتحادی ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ امریکہ دہشت گرد حملوں کے خلاف پاکستان کے اپنے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پاکستانی عوام نے دہشت گردوں کے ہاتھوں بہت مصائب جھیلے ہیں۔ پاکستان واشنگٹن کا ایک اہم غیر نیٹو اتحادی ہے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاس واپسی کے بعد سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

امن کے لیے بات چیت پائیدار راستہ ہے، عاصم افتخار

پاکستان خطے بھر میں امن اور استحکام کو فروغ دینے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے

نیویارک (صباح نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقبل مندوب نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مضبوط اور پر عزم سفارت کاری کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت کے لیے اب بھی ایک فریم ورک فراہم کر رہا ہے، خطے میں دیر پا امن کے لیے بات چیت ہی واحد پائیدار راستہ ہے۔ سیکیورٹی کونسل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد میں جعلسازوں کا سرگرم جعلی مجسٹریٹ خواتین پولیس اہلکار گرفتار

ترنول کے علاقہ میں جعلی ٹیم نے 3 ہوٹلوں میں انسپکشن کی اور بھاری جرمانے لیے، وویمن تھانہ منتقل

پمز سے گرفتار ملزمان جعلی اہلکار بن کر پمز آنیوالے پریشان حال لوگوں کو ٹارگٹ کرتے اور لوٹتے تھے

ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور وائرلیس سیٹ برآمد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں چار خواتین کی جانب سے جعلی مجسٹریٹ بن کر جرمانے وصول کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پولیس حکام کا کہنا جعلی مجسٹریٹ بن کر جرمانے وصول کرنے والی چاروں خواتین کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان ترنول کے علاقے میں جعلی مجسٹریٹ بن کر چھاپے مارتی تھیں۔ چار میں سے ایک خاتون نے خود کو مجسٹریٹ ظاہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

گوجرانوالہ، کالا جادو اور جن نکالنے کیلئے 4 سالہ بچی کو جلا دیا گیا

معصوم بچی ہسپتال منتقل، والدہ، 2 بھائیوں اور بہن کو گرفتار کر لیا گیا، پولیس حکام

گوجرانوالہ (آئی این پی) پنجاب کے شہر گوجرانوالہ میں کالا جادو اور جن نکالنے کیلئے 4 سال کی بچی کو آگ لگا دی گئی۔ پولیس حکام کے مطابق اہلخانہ کے ہاتھوں جلائی گئی معصوم بچی کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، بچی کی والدہ، 2 بھائیوں اور بہن کو گرفتار کر کے واقعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پنجاب میں شواہد پر مبنی جدید ٹریفک چالاننگ نظام نافذ

اب ہر چالان ویڈیو اور تصاویر کیساتھ جاری کیا جائیگا، ترجمان ٹریفک پولیس

لاہور (آئی این پی) پنجاب حکومت نے صوبہ بھر میں شواہد پر مبنی جدید ٹریفک چالاننگ نظام کا باقاعدہ نفاذ کر دیا، جس کے تحت اب ہر ٹریفک چالان ویڈیو اور تصاویر سمیت مکمل ثبوت کے ساتھ جاری کیا جائے گا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق شہریوں کو ٹریفک خلاف ورزی کی صورت میں 8070 سے الرٹ ایس ایم ایس موصول ہوگا، جس میں خلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

آئل کمپنیوں کے منافع میں غیر معمولی اضافہ کیس، فریقین کو نوٹس

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ میں آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ریفائنریز کے غیر معمولی منافع کی تحقیقات سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

فاقی وزیر داخلہ محسن نقوی گورنر جدہ سعود بن عبداللہ سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر داخلہ کی گورنر شہزادہ سعود بن مشعل سے ملاقات

پاک سعودیہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

جدہ (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مکہ ریجن کے قائم مقام گورنر شہزادہ سعود بن مشعل بن عبدالعزیز سے ملاقات کی ہے گورنر جدہ شہزادہ سعود بن عبداللہ بن جلوی، گورنر طائف شہزادہ سعود بن نہار بن سعود اور شاہی خاندان کی معزز شخصیات بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاک سعودیہ تاریخی و برادرانہ تعلقات کو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سپیکر ایاز صادق کی ایرانی سپریم لیڈر کی تعزیتی تقریب میں شرکت

اسلام آباد (اے پی پی): سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای شہید کی تعزیتی تقریب میں شرکت کی۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق سپیکر سردار ایاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ایران ہماری تقریباً تمام ضروری شرائط ماننے پر آمادہ ہو گیا

صدر ٹرمپ کا دعویٰ

ایران میں مہنگائی 300 فیصد ہے، حال ہی میں ایران کا نیا ریڈار سسٹم دوبارہ اڑا دیا، اب ایران کے پاس کوئی ریڈار نہیں

پاکستانی وزیراعظم نے کہا کہ میں نے جنگ روک کر 3 کروڑ افراد کو بچایا، پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں 11 طیارے گرائے گئے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران ہماری تقریباً تمام ضروری شرائط ماننے پر آمادہ ہو گیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران میں مہنگائی 300 فیصد ہے، حال ہی میں ایران کا نیا ریڈار سسٹم دوبارہ اڑا دیا، اب ایران کے پاس کوئی ریڈار نہیں ہے۔ امریکی صدر نے ایک بار پھر پاکستان اور بھارت کی جنگ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

تہران، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ڈپٹی اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ ملاقات کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی 5 جولائی کو یوم سیاہ منائی گی

5 جولائی 1977ء کو منتخب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کا تختہ الٹ دیا گیا تھا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام (کل) 5 جولائی ہفتے کو یوم سیاہ منایا جائے گا اس دن ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ ذرائع ابلاغ کے ذریعے بھی خصوصی پروگرام نشر ہو نگے۔ 5 جولائی 1977ء کو پیپلز پارٹی کے قائد اور منتخب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کا تختہ الٹ دیا گیا تھا اس وجہ سے پیپلز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

آئی ٹی یو آئی سی ٹی ڈویلپمنٹ انڈیکس 2026 میں نمایاں بہتری

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کی آئی ٹی یو آئی سی ٹی ڈویلپمنٹ انڈیکس 2026 میں نمایاں بہتری دیکھی گئی جہاں ملک کا اسکور 4.56 سے بڑھ کر 7.67 تک پہنچ گیا ہے، جبکہ مجموعی طور پر 20 فیصد بہتری ریکارڈ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

امن کے لیے خطرناک صورتحال

پاکستان نے واضح کیا ہے کہ بھارت افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں کی سرپرستی میں سرگرم ہے۔ اس سلسلہ میں ترجمان دفترِ خارجہ طاہر اندرابی کے گذشتہ روز جاری کردہ بیان میں بھارتی وزارتِ خارجہ کے 29 جون کے بیان کو بے بنیاد اور شرانگیز قرار دے کر مسترد کیا گیا اور باور کرایا گیا کہ پاکستان نے افغانستان میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف جائز، ٹارگٹڈ اور متناسب کارروائیاں کیں جن پر بھارتی ردعمل مضحکہ خیز اور شرانگیز ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ افغانستان کی طالبان عبوری رجیم نے پاکستان کی امن کی کاوشوں کی بدولت کابل کے اقتدار میں اپنی واپسی کے ساتھ ہی پاکستان کی سلامتی کو اس کے ازلی دشمن بھارت ہی کی زبان میں چیلنج کرنا شروع کر دیا جبکہ طالبان کے اقتدار میں آتے ہی افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کا سلسلہ تیز ہو گیا جن میں بطور خاص پاکستان کی سکیورٹی فورسز کی عمارات اور افسران و اہلکاروں کو ٹارگٹ کیا جانے لگا۔ جبکہ افغانستان کے اندر سے پاکستان کی چیک پوسٹوں اور ملحقہ شہری آبادیوں پر بلا اشتعال فائرنگ اور گولہ باری بھی روزمرہ کا معمول بن گئی۔ پاکستان کی جانب سے متعدد بار کابل انتظامیہ کو باور کرایا گیا کہ وہ افغان سرزمین سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے محفوظ ٹھکانے ختم کر کے اس کے پاکستان میں دہشت گردی کے لئے سرگرم لوگوں کو پاکستان کے حوالے کرے مگر طالبان رجیم نے سوائے زبانی جمع خرچ کے اور کچھ نہ کیا جبکہ ان دہشت گردوں کے طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغان سرزمین سے پاکستان میں داخل ہونے کے ٹھوس ثبوت بھی پاکستان کے پاس موجود ہیں۔ اس کے باوجود طالبان رجیم نے کالعدم ٹی ٹی پی کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی اور الٹا افغان سکیورٹی فورسز نے پاکستان ہی پر حملوں کا سلسلہ شروع کر دیا تو پاکستان نے اپنے دفاع میں جوابی کارروائی کے لیے آپریشن غضب للحق کا آغاز کیا اور افغانستان کے اندر دہشت گردوں کے ٹھکانوں، ان کے انفرسٹکچرز اور پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے ٹینکوں کو نشانہ بنایا۔ یہ حقیقت بھی اب کسی سے ڈھکی چھپی نہیں رہی کہ بھارت نے گذشتہ سال مئی کے پہلے اور دوسرے ہفتے میں پاکستان کے خلاف اپنی جنگی مہم جوئی میں افواج پاکستان کے ہاتھوں عبرتناک شکست کھانے کے بعد آتشِ انتقام میں جلتے ہوئے طالبان رجیم کی پاکستان کے اندر دہشت گردانہ کارروائیوں کے لئے سرپرستی کرنا شروع کر دی چنانچہ طالبان سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں نے دہلی کی سرپرستی میں ہی پاکستان کے اندر حملوں اور دہشت گردی کی کارروائیوں کا سلسلہ شروع کیا جس پر پاکستان نے افغان رجیم کو بھی ویسی ہی ہزیمت سے دوچار کیا جیسے اس کے سرپرست بھارت کو اپنی مئی کی مہم جوئی میں پاکستان کے ہاتھوں ذلت آمیز شکست کھانا پڑی تھی۔ طالبان رجیم نے اس کے باوجود پاکستان کے خلاف شرانگیزی اور سفاکانہ دہشت گردی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے اور گذشتہ ہفتے کراچی میں رینجرز کے اہلکاروں کو دہشت گردی کی بھینٹ چڑھایا گیا تو پاکستان نے بروقت جوابی کارروائی کر کے افغانستان کے اندر دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کئے چنانچہ بھارتی وزارت خارجہ کی جانب سے پاکستان کی اس جائز کارروائی کے خلاف بیان جاری کرنا پاکستان کے اندرونی معاملات میں ہی مداخلت نہیں بلکہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے بھی قطعی منافی ہے جس کی ترجمان دفترِ خارجہ نے اپنے بیان میں درست وضاحت کی ہے کہ پاکستان نے افغانستان میں دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف جائز اور محدود کارروائیاں اپنے حقِ دفاع کے تحت کی ہیں۔ یہ موقف نہ صرف پاکستان کی قومی سلامتی کے تقاضوں کے مطابق ہے بلکہ بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر میں تسلیم شدہ حقِ دفاع سے بھی مطابقت رکھتا ہے۔

یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک طویل اور صبر آزما جنگ لڑ رہا ہے۔ اس جنگ میں پاکستان نے ہزاروں شہریوں، فوجی جوانوں، پولیس اہلکاروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکاروں کی جانوں کی قربانیاں دی ہیں اور اربوں ڈالر کے معاشی نقصانات اٹھائے ہیں، اس کے باوجود دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ بدقسمتی سے افغانستان میں بعض دہشت گرد تنظیموں کو محفوظ پناہ گاہیں میسر آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں دوبارہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس پر پاکستان نے متعدد بار افغان حکام کو شواہد کے ساتھ آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ ان عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ اس سلسلہ میں پاکستان کا مؤقف ہمیشہ یہی رہا ہے کہ وہ افغانستان کے امن، استحکام اور خودمختاری کا احترام کرتا ہے اور کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا خواہاں نہیں۔ تاہم جب کسی ملک کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہو اور بارہا سفارتی ذرائع سے توجہ دلانے کے باوجود مؤثر اقدامات نہ کیے جائیں تو ایسی صورت حال میں اپنے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات اٹھانا ہر خودمختار ریاست کا بنیادی حق بن جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کا چارٹر بھی ہر ریاست کو اپنے دفاع کا حق دیتا ہے، لہٰذا پاکستان کی کارروائیوں کو اسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

اس تناظر میں بھارت کی جانب سے پاکستان پر تنقید نہ صرف حیران کن بلکہ تضادات کا مجموعہ ہے۔ ایک ایسا ملک جو خود مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق سلب کیے بیٹھا ہو، جہاں اظہارِ رائے اور حقِ خودارادیت کو مسلسل طاقت کے زور پر دبایا جا رہا ہو، اسے پاکستان کو بین الاقوامی قوانین کا درس دینے سے پہلے اپنے طرزِ عمل کا جائزہ لینا چاہیے۔ مقبوضہ کشمیر میں گزشتہ کئی دہائیوں سے جاری ریاستی جبر، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں سے مسلسل انحراف بھارت کے دوہرے معیار کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرتا ہے۔

پاکستان مسلسل یہ مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ بھارت مختلف پراکسی نیٹ ورکس کے ذریعے پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی کوشش کرتا ہے۔ ماضی میں گرفتار ہونے والے بھارتی جاسوسوں، مختلف دہشت گرد نیٹ ورکس سے برآمد ہونے والے شواہد اور بین الاقوامی سطح پر سامنے آنے والی معلومات اس حقیقت کی طرف واضح اشارہ کرتی ہیں کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی منظم کوششیں کی جاتی ہیں۔ اگر افغان سرزمین بھی ایسی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہو رہی ہے تو یہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے خطرناک صورتحال ہے۔

دانشوروں اور ممتاز شخصیات کا قابلِ تحسین اقدام!

بھارت اور پاکستان کی 117 ممتاز شخصیات نے پاکستان اور بھارت کے وزرائے اعظم کو کھلا خط لکھا ہے جس میں دوطرفہ تعلقات معمول پر لانے کیلئے ٹھوس اقدامات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اِس مشترکہ خط میں جنوبی ایشیاء میں اُمن اور مکالمے کی فوری بحالی کی اپیل کرتے ہوئے ٹھوس اور مستقل اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ جن 117 ممتاز شخصیات نے دستخط کیے ہیں اُن میں سے 61 کا تعلق بھارت، جبکہ 56 کا پاکستان سے ہے۔ خط میں دونوں رہنماؤں پر زور دیا گیا کہ وہ مکمل سفارتی تعلقات کی بحالی، نئی دہلی اور اسلام آباد میں ہائی کمشنروں کی دوبارہ تعیناتی، ویزہ خدمات کی بحالی اور کمرشل پروازوں کے لئے فضائی حدود کو دوبارہ کھولنے سمیت اعتماد سازی کے دیگر اقدامات کا آغاز کریں۔ مقبوضہ کشمیر کے اہم رہنماؤں کے علاوہ دانشوروں، سفارتکاروں اور سیاست دانوں سمیت دیگر شعبہ ہائے زندگی کی اہم شخصیات کی طرف سے دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کو لکھا گیا یہ کھلا خط خطے میں پائیدار اُمن کی عوامی خواہش کا عکاس ہے۔ اِس خط میں جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے وہ یقیناً دونوں ممالک کے کروڑوں عوام اور بالخصوص نوجوان نسل کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لئے اہمیت رکھتے ہیں۔ خط میں اعتماد سازی کے جن اقدامات کی سفارش کی گئی ہے وہ یقیناً دوطرفہ تناؤ کو کم کرنے کے لئے ایک منطقی راستہ ہیں تاہم اِس پورے منظر نامے کو بھارت کی جارح پالیسیوں کے برعکس ریاستِ پاکستان کے اصولی اور دیرینہ موقف کے آئینے میں دیکھنا بھی بے حد ضروری ہے۔ پاکستان ہمیشہ سے پڑوسی ممالک کے ساتھ پُرامن تعلقات کا حامی رہا ہے، وہ چاہتا ہے کہ خطے میں تمام ممالک ایک دوسرے کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات استوار کریں۔ اُمن اور سلوک سے رہیں، آپسی مسائل حل کریں، ایک دوسرے کے ساتھ تجارت کے ذریعے خطے کے عوام کی خوشحالی کا سبب بنیں نہ کہ محض سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے لوگوں کی زندگیاں اجیرن بناتے چلے جائیں۔

وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستانی قیادت نے متعدد بار اِس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں اور خطے سے غربت، بے روزگاری اور پسماندگی کا خاتمہ صرف اور صرف پُرامن بقائے باہمی اور بامقصد مذاکرات ہی کے ذریعے ممکن ہے اور اِس لحاظ سے پاکستان کا بنیادی بیانیہ بھی اِس کھلے خط کے مقاصد سے ہم آہنگ ہے لیکن یہاں یہ حقیقت بھی فراموش نہیں کی جا سکتی کہ پاک بھارت تعلقات میں موجودہ تعطل کا ذمہ دار بھارت ہے۔ شہباز شریف وزیراعظم منتخب ہوئے تو بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے اُنہیں "ایکس" پر جو تہنیتی پیغام بھیجا اُس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا تھا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ پُرامن اور بہتر تعلقات کا خواہاں ہے، مسئلہ کشمیر سمیت دیگر متنازعہ امور کا پُرامن حل ناگزیر ہے، دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، آئیں مل کر اپنے عوام کی سماجی اور معاشی ترقی کو یقینی بنائیں۔ پاکستانی وزیراعظم کی نیک خواہشات کے برعکس مودی حکومت نے پہلگام واقعے کی ذمہ داری پاکستان پر دھرنے کی کوشش کی۔ بھارت کی اِس کوشش کو دنیا نے بوجوہ مشکوک نظروں سے دیکھا خاص طور پر جب شہباز شریف نے کسی بھی بین الاقوامی آزاد فورم سے شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا بھارت نے اُس پر کان نہیں دھرا، لیکن بھارت نے اس دہشت گردی کو بنیاد بنا کر بنا کسی تفتیش اور ذمہ داروں کا تعین کیے پاکستان پر جارحیت مسلط کرنے کی کوشش کی۔ یہی نہیں غیر متنازع سندھ طاس معاہدے کو بھی یکطرفہ طور پر معطل کر دیا۔ اِس سے قبل بھی جعلی ویب سائٹوں اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر مشتمل کئی نیٹ ورکس بنا کر پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کیا جاتا رہا جسے مغرب ہی نے طشت از بام کیا۔ بھارت پہلگام واقعے پر تنہا رہ گیا تھا اُس کے موقف پر کسی نے اس کا ساتھ نہیں دیا تھا۔ دنیا اب بھارت کے اندر جاری ظلم و بربریت کی داستانوں پر بھی توجہ دے رہی ہے جس پر پہلے وہ آنکھیں بند کیے رکھتی تھی، اقوام متحدہ سمیت کئی عالمی پلیٹ فارم بھارت کی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر متعدد رپورٹیں جاری کر چکے ہیں۔ اگست 2019ء میں مودی حکومت نے مقبوضہ جموں اور کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت (آرٹیکل 370 اور 35A) ختم کر کے کشمیریوں کی زندگی اجیرن بنا دی۔ اِس یکطرفہ اور غیر قانونی کارروائی نے بھی دوطرفہ تعلقات کو شدید نقصان پہنچایا۔



دونوں ممالک کے درمیان اُمن کی بحالی کے لئے مسئلہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی اُمنگوں کے مطابق حل کیا جانا ضروری ہے۔ بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ معطل کر کے پاکستان کے خلاف جس آبی جارحیت کا ارتکاب کیا ہے اُس سے دنیا بھر میں تشویش کی لہر دوڑ چکی ہے، اگر بھارت کی یہ روش جاری رہی تو دنیا بھر کے کئی زیریں ممالک اور اُن میں آباد اربوں لوگوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہو جائیں گے، اگر حق حاصل کرنے کے لئے زیریں اور بالائی ممالک میں جنگ و جدل ہوئی تو بھی کروڑوں انسانی زندگیوں کو خطرات لاحق ہوں گے۔ اسلام آباد میں منعقدہ عالمی کانفرنس میں بھارتی ہٹ دھرمی پر جن خدشات کا اظہار کیا گیا ہے وہ اِس حقیقت کے عکاس ہیں کہ بھارت مسائل حل کرنے کے بجائے طے شدہ معاملوں کو بھی اُلجھانے میں جتا ہوا ہے۔ ایسے میں مذاکرات اور اعتماد سازی کے اقدامات کے لئے سازگار ماحول بنانے کی ذمہ داری پاکستان سے زیادہ بھارت کی ہے، اُسے ہٹ دھرمی چھوڑ کر سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ پاکستان خطے میں سٹرٹیجک استحکام کا خواہاں ہے اور بھارت میں اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے ساتھ بڑھتے ہوئے معاندانہ رویے اور پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے سمیت پاکستان مخالف بیانیوں کو خطے کے اُمن کے لئے سب سے بڑا خطرہ سمجھتا ہے۔ دانشوروں اور ممتاز شخصیات کی یہ اُمن مہم قابلِ تحسین ہے

سیاسی جماعتیں اور خواجہ سعد رفیق کی وارننگ

"دھائیوں کی محنت اور محلاتی سازشوں کے بعد ہماری پیاری سیاسی جماعتیں اور پارلیمنٹ بے وقعتی کی حدوں کو پہنچ چکی ہیں"۔ یہ بات میں نہیں کہہ رہا خواجہ سعد رفیق نے اپنی فیس بک پر ایک پوسٹ میں لکھی ہے۔ یعنی یہ لنکا گھر کے بھیدی نے ڈھائی ہے۔ سب جانتے ہیں کہ خواجہ سعد رفیق نے سیاست کے بہت سے گرم و سرد موسم دیکھے ہیں۔ کبھی آمر کی کابینہ میں رہے اور کبھی منتخب وزیراعظم کے ساتھ چلے۔ تاہم ان کی سوچ ہمیشہ سیاسی رہی ہے۔ ان کی سیاسی سوچ کا اندازہ اس بات سے بھی ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنی شکست کو تسلیم کیا اور مانگے تانگے کی فتح سے انکار کر دیا۔ وہ آج کل ایک ایسے مصلح کا کردار ادا کر رہے ہیں جو حالات کی کروٹوں پر حیران بھی ہے اور کڑھ بھی رہا ہے۔ ان کا مندرجہ بالا جملہ ایک تفصیلی پوسٹ کا آغاز ہے، جس میں انہوں نے یہ بنیادی بات کی ہے کہ سیاسی جماعتوں نے اپنے ہاتھ سے خود کو اس گڑھے میں دھکیلا ہے جہاں سے نکلنے کا اب راستہ نظر نہیں آرہا۔ ان کا یہ کہنا بہت بروقت ہے۔ "اس سے ایک تہائی محنت جماعتوں کی تنظیم، اندرونی جمہوری رویوں کے قیام، میرٹ پر مبنی سیاست اور مخالفانہ آوازوں کو برداشت کرنے پر کر لی جاتی تو ہم ایک پرامن، مستحکم اور جمہوری معاشرہ بن چکے ہوتے۔ بدقسمتی سے اس حمام میں ہم سب ننگے ہیں کسی جماعت یا ادارے کے ہاتھ صاف نہیں"۔ اسے کہتے ہیں بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی تاہم رسوائی کی اس بات کو خواجہ سعد رفیق نے اپنی پوسٹ میں بہت آگے تک بڑھا دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں "امر واقعہ یہی ہے کہ مخالفین کو دبانے کے لئے ریاستی اداروں کے کندھے استعمال کرتے کرتے سول پیس برائے نام رہ جاتی ہے اور آپ اخلاقی جواز کھو بیٹھتے ہیں، لیکن ہمیں اپنے مفاد میں یہ سب سہانا دکھائی دیتا ہے۔ تا آنکہ ہماری باری آجاتی ہے"۔ زمینی حقائق کی ترجمانی کرتے ہوئے انہوں نے وارننگ دی ہے۔ "آئین پاکستان کی روح کے مطابق حل کرنے والوں کے لئے سیاست میں رہنے کی گنجائش کم ہو رہی ہے اور دائروں میں ہمارا سفر جاری ہے۔ یہی حالات رہے تو مختلف ناموں اور ٹائٹلز سے بننے والے جتھے، کمیٹیاں اور مسلح لشکر راج کرتے نظر آئیں گے۔ ایک دوسرے کو پچھاڑنے، گڑنے اور رگیدنے سے فرصت ملے تو اپنی غلطیوں پر غور و خوض کر کے دلالوں کی جانب اجتماعی پیش قدمی روکنے پر غور کر لیا جائے"۔

موجودہ سیاسی فضا میں شاید خواجہ سعد رفیق کی یہ باتیں بے وقت کی راگنی ثابت ہوں۔ اس وقت سیاسی جماعتوں کو بالکل ان باتوں کا ہوش نہیں جن کا ذکر خواجہ سعد رفیق نے کیا ہے۔ سول سپرمیسی تو اب ایک خواب و خیال بن چکی ہے۔ جمہوریت کے بارے میں بھی عوام بددلی کا شکار ہیں ایسے میں وہی ہو گا جس کی طرف خواجہ سعد رفیق نے اشارہ کیا ہے کہ چھوٹے چھوٹے جتھے، گروہ اور مسلح لشکر اس ملک کے نمائندے بن جائیں گے۔ ان کی یہ بات اس لئے غلط نہیں کہ بلوچستان میں ہم یہ منظر دیکھ رہے ہیں جہاں مین سٹریم کی جماعتیں اپنا اثر کھو چکی ہیں اور مسلح گروپ حاوی ہو چکے ہیں۔ خواجہ سعد رفیق قومی اسمبلی کے رکن نہیں ہیں، وگرنہ شاید وہ یہ باتیں اسمبلی کے فلور پر کرتے۔ بظاہر وہ اس وقت اپنا ایک باغیانہ کردار ادا کر رہے ہیں، کیونکہ مسلم لیگ (ن) موجود ہائبرڈ نظام سے پوری طرح مستفید ہو رہی ہے۔ اس کے وزراء میں ایک تکبر اور انانیت نظر آ رہی ہے۔ "خریدا ہے بھئی" جیسے جملے کسی بھی طرح جوابدہ سیاست کے زمرے میں نہیں آتے، مگر دھڑلے سے اسمبلی کے فلور پر بولے جاتے ہیں۔ ایک دوسرے کو رگیدنے کی پالیسی سیاست

و جمہوریت کے لئے نقصان دہ ہے۔ جیسا کہ خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے، مخالفوں کو دبانے کے لئے ریاستی اداروں کو استعمال کرتے کرتے ایک دن ایسا آ جاتا ہے، جب اپنی باری بھی آجاتی ہے۔ خواجہ سعد رفیق کی اس بات میں تو گویا ملک کی تاریخ رقم ہو گئی ہے "جب بھی ملک کو چند قدم آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی، جمہوریت، انصاف، ترقی، استحکام اور قومی سلامتی کی آڑ میں انہیں ریورس گیئر لگا دیا گیا"۔ اب یہ سوال تو بنتا ہے کہ ایسی باتیں اگر خواجہ سعد رفیق کے ذہن میں آ سکتی ہیں تو باقی سیاسی قیادت کیوں ان سے محروم ہے۔ کیا وہ سب کسی اور ملک یا کسی اور دنیا میں رہتی ہیں۔ یہ اپنے مفاد کے لئے کندھا پیش کرنے والی عادت کب چھوٹے گی اور کچھ نہیں تو سیاسی جماعتیں اپنی سیاست اور جمہوریت کا ہی دفاع کر لیں اور اس ایک ایجنڈے پر متفق ہو جائیں جو موجودہ حالات میں عوام کی اپنی ہی سیاسی جماعتوں کے بارے میں کیا رائے ہے اگر اس کو سنجیدگی سے لیا جائے تو اندازہ ہو جائے کہ سیاسی جماعتیں بقول خواجہ سعد رفیق کیوں پارلیمنٹ سمیت بے وقعتی کی حدوں کو پہنچ چکی ہیں۔

پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ یہاں اقتدار سب سے زیادہ ناقابلِ اعتبار شے ہے۔ آج ہے کل نہیں ہے، والی صورت ہر دور میں رہی ہے۔ منتخب وزرائے اعظم پتوں کی طرح جھڑتے رہے ہیں۔ اب اس کا یہ مطلب تو نہیں ہے کہ کسی حقیقی جمہوری نظام کی بجائے ہائبرڈ نظام بنا لیا جائے تاکہ چلتا رہے، وہ چلتا رہے گا لیکن اس کی صورت اور وقعت تو وہی ہو گی جو اس وقت ہے۔ یہ تاثر کیوں گہرا ہو رہا ہے کہ سیاسی قوتیں برابری کی حیثیت بھی کھو چکی ہیں۔ اب وہ فیصلہ ماننے والوں کی پوزیشن پر کھڑی ہیں۔ خواجہ سعد رفیق جیسے سیاست دانوں کی آوازیں غنیمت ہیں کم از کم سیاسی آواز کو تو زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ دیکھا جائے تو اس وقت صحیح معنوں میں اپوزیشن کی آواز خواجہ سعد رفیق بنے ہوئے ہیں۔ وہ اصولی، سیاسی اور جمہوری بات کر رہے ہیں۔ یہ بات اسٹیبلشمنٹ کو بھی سمجھنی چاہیے اور سیاسی جماعتوں کو بھی کہ پاکستان کی بقاء اس میں ہے کہ یہاں سیاست اور جمہوریت زندہ رہے۔ باقی سب تجربے کر کے دیکھ لئے ہیں، انتشار بڑھا ہے، کم نہیں ہوا۔ پاکستان کی بڑی سیاسی جماعتوں کو کم از کم دو نکات پر متفق ہونا چاہیے کہ سیاست چلے گی اور جمہوریت قائم رہے گی ان کے بغیر عدم استحکام بڑھے گا۔ اس تلخ حقیقت سے انکار ممکن نہیں۔

بھیرہ۔ تاریخ و تمدن۔۔۔ تحقیقی و تنقیدی جائزہ

دینی پس منظر رکھنے والے ڈاکٹر انوار احمد بگوی نے کنگ ایڈورڈز میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کی۔ مولانا امین احسن اصلاحی سے قرآن فہمی سیکھی، پانچ جلدوں پر مشتمل تذکرہ بگویہ سیریز لکھ کر علمی و تحقیقی دنیا میں نامور ہوئے یوں قلم و قرطاس سے مضبوط رشتہ ان کی شناخت بنا۔ ان کی 15 کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں "بھیرہ۔ تاریخ و تمدن" بھی شامل ہے۔ ڈاکٹر بگوی کا آبائی شہر بھیرہ ہے، جس کی تاریخ ہزاروں سال پر محیط ہے۔ اس شہر کی "تاریخ بھیرہ" مرحوم ابو شاہین فاروقی نے سب سے پہلے لکھی تھی جس کی اشاعت ثانی 1993ء میں ہوئی۔ اب یہ کتاب ناپید ہے۔ ڈاکٹر بگوی نے "بھیرہ۔ تاریخ و تمدن" میں جہاں ابوشاہین فاروقی کی "تاریخ بھیرہ" پر انحصار کیا ہے، وہاں مختلف مقامات پر ان سے اختلاف بھی کیا ہے، جو تحقیق کا حسن ہے۔ بھیرہ کو "والڈسٹی" قرار دیا جا چکا ہے۔ ایسے میں دنیا بھر کے سیاح اس شہر کا رخ کر رہے ہیں۔ اس شہر کی ایک مستند "تاریخ" وقت کی اہم ضرورت تھی۔ ڈاکٹر بگوی نے "بھیرہ تاریخ و تمدن" لکھ کر یہ ضرورت پوری کرنے کی کامیاب سعی کی ہے۔ 288 صفحات پر مبنی یہ کتاب معنوی اور صوری خصوصیات سے مزین ہے۔ کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا حصہ "قدیم بھیرہ، قبل مسیح سے مسلمانوں کی آمد تک" ہے۔ اس حصے میں بھیرہ کی وجہ تسمیہ، شمالی پنجاب کی تاریخ میں اس کی اہمیت، قدیم حکمران خاندانوں کا تعارف اور پرانے بھیرہ کے آثار، "بھراڑیاں" پر جدید تحقیقی اصولوں کے تحت بات کی گئی ہے۔ فاضل مصنف کے مطابق، برصغیر پر حملہ آوروں کے لئے اگر سندھ "باب الہند" ہے، تو بھیرہ "باب الاسلام" ہے۔

ڈاکٹر بگوی کے مطابق چھ سو سال قبل مختلف ادوار میں بھیرہ کے حکمرانوں کی تعداد 22 تھی۔ سکندر کا اس شہر میں آنا اور رہنا تاریخ کی کتابوں سے ثابت ہے۔ سکندر کی راجہ پورس سے جنگ کو اس علاقے کی تاریخ کا نمایاں پہلو گردانا گیا ہے۔ مصنف کے مطابق "پدما" نے اس شہر کو دارالحکومت بنا کر حکمرانی کی اور محمود غزنوی کے 17 حملوں کا یہ شہر راستہ رہا۔ فاضل مصنف نے، سلاطین دہلی میں شامل: غوری، غلاماں، خلجی، تغلق، سید اور لودھی خاندان، جن کا دورانیہ 1206ء سے 1526ء تک ہے، کو اس شہر کی تاریخ میں شامل کیا ہے۔ فاضل مصنف نے ابوریحان محمد بن احمد البیرونی کی اس شہر میں آمد اور سب سے پہلے یہاں سے زمین کی پیمائش کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ ان کے مطابق 1334 میں ابن بطوطہ، یہاں سے گزرا تو اس شہر پر مبارک خان نول، جبکہ دلی میں سلطان محمد بن تغلق کی حکومت تھی۔

ڈاکٹر بگوی کے مطابق بھیرہ پر چنگیزی فتنے نے 1221ء، 1292، 1297، 1305، 1306، 1329، اور 1351ء میں بالترتیب نو حملے کئے۔ امیر تیمور، ظہیر الدین بابر کی بھیرہ میں آمد کا تفصیلی ذکر بھی کتاب مذکورہ میں شامل ہے۔ "بھیرہ: تاریخ و تمدن" کا دوسرا حصہ "جدید بھیرہ" ہے۔ مصنف کے مطابق 1540ء میں پرانے بھیرہ کی تباہی کے بعد شیر شاہ سوری نے اس شہر کو دوبارہ آباد کیا۔ مصنف نے جنرل الیگزنڈر کننگھم کی کتاب "اینشنٹ جیوگرافک آف انڈیا" کے حوالے سے پرانے بھیرہ کی تباہی کا ذکر کیا اور ابو شاہین فاروقی کی کتاب "تاریخ بھیرہ" کا حوالہ دیتے ہوئے اس کی تفصیل لکھی ہے۔ فاضل مصنف نے، اکبر اعظم، جہانگیر، شاہجہان اور اورنگ زیب عالمگیر ایسے شہنشاہوں کے آثار اس شہر میں تلاش کرنے کی سعی بھی کی ہے۔ اس کتاب میں ظہیر الدین بابر سے سراج الدین بہادر شاہ ظفر، تک خاندان مغلیہ کے 20 شہنشاہوں کے ناموں کے علاوہ، بھیرہ کے حکمران، محی الدین خان، راجہ سلامت رائے، عباس خان خٹک، فتح سنگھ، مان سنگھ، دھانا سنگھ، حیرت سنگھ، تارا سنگھ، مہا سنگھ، رنجیت سنگھ، کھڑک سنگھ، نونہال سنگھ، شیر سنگھ اور دلیپ سنگھ کے نام اور ان کے ادوار بھی موجود ہیں۔

فاضل مصنف کے مطابق 1857ء کی جنگ میں بھیرہ وچیوں نے کوئی دلچسپی نہیں لی، کیونکہ یہاں انگریز نواز لوگوں کا قبضہ تھا۔ انہوں نے اس وقت کے انگریزوں کے کرسی نشین اور انعام داروں کے ناموں کا ذکر بھی اس کتاب میں کیا ہے۔ کتاب کا تیسرا حصہ "موجودہ بھیرہ" ہے جس کی ابتداء 1849ء میں انگریزوں کے قبضے کے بعد ہوئی۔ اس حصے کو چار جزیات میں بیان کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر بگوی کے مطابق برعظیم میں برپا مختلف تحریکات کا اثر بھیرہ پر بھی ہوا، جن میں تحریک خلافت، ترک موالات، تحریک مداح صحابہ، تحریک پاکستان اور تحاریک ختم نبوت شامل ہیں۔ ان تحریکات میں برصغیر کے سینکڑوں چوٹی کے لیڈر بھیرہ آئے اور عوام سے خطاب کیا۔ "تحریک پاکستان اور سرگودھا کی یادیں" کے مصنف کے مطابق، سرگودھا میں مسلم لیگ 1935ء کے بعد قائم ہوئی، لیکن ڈاکٹر بگوی نے بھیرہ میں مسلم لیگ کے قیام کا دعوی 1930ء میں کیا ہے۔ اس حوالے سے مولانا ظہور احمد بگوی کا کردار تاریخ کی کتب میں موجود ہے۔

فاضل مصنف کے مطابق بھیرہ میونسپلٹی 1867ء میں وجود میں آئی، اس کے ابتدائی وائس چیئرمین، خواجہ عبدالرشید سیٹھی، پیر بادشاہ، دیوان گنپت رائے ہوئے۔ "بھیرہ۔ تاریخ و تمدن" میں 1927ء سے 2025ء تک بھیرہ میونسپل کمیٹی کے ہونے والے پریذیڈنٹ، چیئرمین اور ایڈمنسٹریٹرز کے نام اور ان کے دورانیے کا ذکر شامل ہے۔ اسی طرح گورنمنٹ ہائی سکول بھیرہ کے 1923ء سے 2026ء تک ہونے والے 32 ہیڈ ماسٹرز اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بھیرہ کی 1950ء سے 2026ء تک ہونے والی ہیڈ مسٹریس کے نام اور دورانیہ کو کتاب مذکورہ میں شامل کیا گیا ہے۔ "بھیرہ۔ تاریخ و تمدن" میں بھیرہ کے، پولیس اسٹیشن، ریلوے اسٹیشن، صحت عامہ تحصیل ہسپتال، کی تاریخی حیثیت کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ فاضل مصنف نے اس شہر کے محل وقوع، مختلف ادوار میں آبادی، یہاں کے نباتات و حیوانات، پالتو جانور، مٹھائیاں، کھیل، میلے ٹھیلے، کھانے، لباس، تہوار اور شادی بیاہ کے علاوہ 99 مساجد 16 رجسٹرڈ دینی اداروں، 34 قبرستان اور بھیرہ کی زبان کے مختلف "آکھان" کو کتاب مذکور میں جگہ دی ہے۔ بھیرہ کے اہم تاریخی آثار میں: جامعہ مسجد شیر شاہ سوری، مسجد شیخاں والی، مسجد حفظانہ، مسجد قاضیاں والی، مسجد پیراں والی، مسجد معماراں والی، مسجد املی والی، مسجد نصیب دریائی، مزار میراں سید احمد قادری، مختلف مندر، پرانا سکھ گردوارہ، اندرون شہر کی مختلف عمارات، آٹھ تاریخی دروازوں، مختلف ویہڑوں 120 محلوں اور 438 اہم شخصیات کو شامل کیا گیا شامل ہے۔ بھیرہ کے شعراء میں جہاں، سائیں آزاد بھیروی، مرزا منور، مولوی ازہر، سلیم بھٹی، حافظ فضل کریم گوندل، مولوی محمد حسین احمد آبادی، مولوی دلپذیر، بی بی مخفی، منشی خادم حسین، فضل الٰہی فضل، ڈاکٹر منظور احمد اور شمیم بھیروی کا ذکر ہے۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت

شمالی علاقہ جات اللہ کی نعمت ہیں، انکی صفائی کا خیال نہیں رکھا جاتا: ندا یاسر

کراچی (پی این پی) پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان ندا یاسر نے شمالی علاقوں میں صفائی کی ابتر صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ حال ہی میں ندا یاسر نے اپنی بہنوں کے ہمراہ سیر و تفریح کے لیے پاکستان کے شمالی علاقوں کا رخ کیا، بعد ازاں اپنے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے وہاں کچرے اور آلودگی کی صورتِ حال کو افسوس ناک قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ شمالی علاقہ جات اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہیں لیکن افسوس کہ بعض مقامات پر صفائی کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ اداکارہ کے مطابق پہاڑی راستوں اور سیاحتی مقامات پر پلاسٹک کی بوتلیں، چپس کے پیکٹ، ریپرز اور دیگر کچرا بکھرا ہوا دیکھا گیا، جبکہ مری میں بھی یہی صورتِ حال نظر آئی۔ ندا یاسر نے کہا ہے کہ مجھے مختلف مقامات پر کوڑا کرکٹ پھینکتے ہوئے لوگ نظر آئے، حتیٰ کہ کھانے پینے کے بعد بچا ہوا کھانا بھی کھلے عام پھینک دیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ میں نے متعدد جگہوں پر کوڑے دان کی عدم موجودگی بھی محسوس کی اور یہ صورتِ حال انتہائی افسوس ناک تھی۔ ندا یاسر نے عوام سے اپیل کی ہے کہ سیاحتی مقامات کی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ ان قدرتی حسن سے بھرپور علاقوں کو محفوظ اور صاف رکھا جا سکے۔

ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی کا خیراتی اداروں کو 26 ملین ڈالرز کا عطیہ

لاس اینجلس (پی این پی) عالمی شہرت یافتہ امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور امریکی فٹبالر ٹریوس کیلسی نے اس ہفتے کم از کم 20 خیراتی اداروں کو 26 ملین ڈالرز کا عطیہ دیا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق یہ واضح نہیں ہے کہ ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی نے انفرادی طور پر کتنی رقم عطیہ کی ہے لیکن ان دونوں نے جن خیراتی اداروں کو عطیات دیے ہیں ان کی جانب سے اس جوڑی کا شکریہ ادا کرنے کے لیے خصوصی بیان جاری کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگرچہ یہ واضح نہیں ہے کہ امریکی گلوکارہ نے انفرادی طور پر کتنی رقم عطیہ کی ہے لیکن وہ ماضی میں بھی بغیر اعلان کیے کئی بار خطیر رقم عطیہ کر چکی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹیلر سوئفٹ حالیہ برسوں میں جانوروں سے بچاؤ کی تنظیموں، فلوریڈا میں آنے والے سمندری طوفان کے متاثرین، ٹینیسی میں آنے والے طوفان کے متاثرین، لاس اینجلس کے جنگل میں لگنے والی آگ سے نجات کے لیے، امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے لیے، بچوں کے اسپتالوں اور کینسر میں مبتلا اپنے مداحوں کے لیے عطیات دے چکی ہیں۔ واضح رہے کہ آج کل میڈیا پر یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ رواں ہفتے ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی رشتۂ ازدواج میں منسلک ہونے والے ہیں اور شادی کی تقریب نیویارک کے معروف میڈیسن اسکوائر گارڈن میں منعقد کی جائے گی لیکن ابھی تک اس جوڑی نے خود اپنی شادی کے بارے میں میڈیا پر گردش کرتی خبروں کی تصدیق نہیں کی ہے۔

کارلی کلوس نے ڈونلڈ ٹرمپ سے تعلقات کی حقیقت بتادی

نیویارک (پی این پی) امریکی سپر ماڈل کارلی کلوس نے واضح کیا ہے کہ خاندانی رشتہ ہونے کے باوجود میری امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی۔ بلوم برگ اور بیجنلز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کارلی کلوس نے کہا کہ میں صدر ٹرمپ سے کبھی نہیں ملی۔ انہوں نے اپنے شوہر کے خاندان کی سیاسی وابستگی سے متعلق سوال پر کہا کہ میں جانتی ہوں کہ میں کون ہوں، میری زندگی کن اقدار پر قائم ہے اور کون سے مسائل میرے لیے اہم ہیں، میں نے کبھی اپنی شناخت نہیں کھوئی، تاہم یہ میرے شوہر کا خاندان ہے۔ 33 سالہ ماڈل نے بتایا کہ میں ریپبلکن پارٹی کی حمایت نہیں کرتی بلکہ ڈیموکریٹک پارٹی کی ووٹر ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ مختلف سیاسی نظریات رکھنے والے افراد کے ساتھ تعلقات رکھنا ممکن ہے اور امریکا ہمیشہ مکالمے اور اختلافِ رائے کے احترام کی روایت رکھتا آیا ہے۔ واضح رہے کہ کارلی کلوس نے 2018ء میں جوشوا کشنر سے شادی کی تھی، جو ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کے بھائی ہیں۔

مجھے میری اصل قدر و قیمت کے مطابق نہیں سراہا گیا: کنزہ ہاشمی

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ کنزہ ہاشمی نے شکوہ کیا ہے کہ انہیں ان کی اصل قدر و قیمت کے مطابق نہیں سراہا گیا۔ حال ہی میں اداکارہ نے ایک انٹرویو دیا جس میں انہوں نے اپنے مختلف پروجیکٹس سمیت اداکاری کے حوالے سے گفتگو کی۔ میزبان کے ایک سوال پر کنزہ ہاشمی نے کہا کہ وہ خود کو انڈر ریڈیٹ محسوس کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے لگتا ہے میری اصل قدر و قیمت کے مطابق نہیں سراہا گیا، میں مختلف کردار ادا کرنے کا انتخاب کرتی ہوں، ڈرامہ دل آویز میں، میں نے 2 کردار ادا کیے اور دونوں میں بہت مختلف اداکاری کی تھی۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں نے بہت کام کیا ہے لیکن اب میں یہ سمجھتی ہوں کہ اگر کسی کا ایک ڈرامہ ہٹ ہو جائے تو دوسرا ڈرامہ بھی ہٹ ہونا ضروری ہے تبھی وہ اسٹار کہلائے گا، ورنہ لوگ پہلے والے کا بھی کریڈٹ چھین لیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 1

جی اسٹیشنز گزشتہ شام بند کر دیے گئے، فلنگ کا عمل رک گیا، سی این جی بندش کا فیصلہ سوئی گیس مرکزی پائپ لائن پھٹنے کی وجہ سے کیا گیا، سوئی گیس ذرائع، ٹرانسپورٹرز و ڈرائیورز پریشان، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ ایبٹ آباد اور ہری پور سمیت ہزارہ بھر میں گزشتہ شام کے بعد تمام سی این جی اسٹیشنز بند کر دیئے گئے جبکہ گاڑیوں میں فلنگ کا عمل بھی رک گیا سوئی گیس ذرائع کے مطابق سی این جی بندش کا فیصلہ سوئی گیس مرکزی پائپ لائن پھٹنے کے باعث کرنا پڑا ہے سی این جی بندش کے ساتھ ہی ٹرانسپورٹر و ڈرائیورز حضرات کی پریشانیوں میں ایک بار پھر اضافہ ہو گیا ہے خصوصاً شام کے وقت گھروں کو واپس جانے والے گاڑی مالکان و ڈرائیوروں کو سی این جی نہ ملنے کے باعث کافی دشواری کا سامنا کرنا پڑا جنہیں بعد ازاں گاڑیوں میں مجبوراً پٹرول ڈلوانا پڑ گیا،

بقیہ نمبر 2

کیفے میں چار خواتین اور ایک نوجوان کی جانب سے ایک لڑکی پر دہشتناک تشدد کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق متاثرہ لڑکی عیدا فہد نے واقعے کے خلاف درخشاں تھانے میں قانونی کارروائی کے لئے درخواست جمع کرادی۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں چار خواتین اور ایک لڑکے کو کیفے کے اندر لڑکی پر سرعام تشدد کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس شدید تشدد کے نتیجے میں متاثرہ لڑکی کے ہاتھ کی انگلی کا ناخن بھی اکھڑ گیا۔ متاثرہ لڑکی عیدا فہد نے پولیس کو دیئے گئے بیان میں بتایا کہ وہ حملے کے وقت اپنی دوست ایمان کے ساتھ کیفے میں ڈنر کر رہی تھیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ حمید کاکڑ، آمنہ خان، رنزا شاہ اور سمیعہ حق نامی افراد اس حملے میں شامل تھے۔ عیدا فہد کے مطابق، تشدد کے دوران ان کا گلا دبا کر انہیں جان سے مارنے اور اغوا کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ متاثرہ لڑکی نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حملے میں ملوث تمام افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، انہیں انصاف فراہم کیا جائے اور ملزمان کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

بقیہ نمبر 3

ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے کہا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی جدید تحقیق، اختراع اور ڈیجیٹل مہارت کے ذریعے تعلیمی نظام میں انقلابی تبدیلی لانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے کیونکہ عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ اعلیٰ تعلیم ہی ملک کی ترقی اور عالمی معیار کی ضمانت ہے۔ ابھرتی ہوئی جدید ٹیکنالوجیز کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وائس چانسلر نے اعلان کیا کہ یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی تمام فیکلٹی ممبران کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے متعلق خصوصی تربیتی پروگرام کا انعقاد کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کو مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹولز سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ وہ اپنی تدریسی و تحقیقی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہوئے طلبہ کو جدید ترین علمی و عملی مہارتوں سے آراستہ کر سکیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے طلباء میں انٹرپرینیورشپ ذہنیت کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ معاشی استحکام، قومی ترقی اور پائیدار خوشحالی کے لیے نوجوانوں میں کاروباری سوچ، تخلیقی صلاحیتوں اور خود روزگار کے رجحان کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ کو صرف ملازمت کے حصول تک محدود نہ رکھیں بلکہ انہیں ایسے قابل، باصلاحیت اور پُراعتماد نوجوان بنائیں جو روزگار پیدا کرنے والے کے طور پر معاشرے میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں۔ دورے کے دوران وائس چانسلر نے آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن (Outcome-Based Education-OBE) کے نفاذ کا بھی جائزہ لیا اور تمام تعلیمی شعبہ جات کو ہدایات جاری کیں کہ نصاب کی تیاری، تدریسی حکمت عملی، تشخیصی نظام اور طلبہ کے تعلیمی نتائج میں مسلسل بہتری کو یقینی بنایا جائے تاکہ قومی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق یونیورسٹی کے تعلیمی معیار میں مزید اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو یونیورسٹی کی لیبارٹریوں کی اپ گریڈیشن، جدید تدریسی سہولیات کی فراہمی، کلاس رومز کی بہتری اور مجموعی تعلیمی انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت بھی کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی تحقیق، اختراع، ڈیجیٹل تبدیلی، معیاری تعلیم اور صنعتی روابط کے فروغ کے ذریعے نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنی علمی شناخت کو مزید مستحکم بنائے گی اور طلبہ کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید مہارتوں سے لیس کرے گی۔

بقیہ نمبر 4

جاری مکین آپریشن سے بچنے کیلئے ہاتھ پاؤں مارنے لگے کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ارسلان گوندل کی نگرانی میں اسلام آباد کے علاقے یونا فقیراں میں کارروائی کرتے ہوئے سی ڈی اے کی ایکوائر کی گئی اراضی پر قائم 254 گھروں پر نشانات لگا کر انہیں خالی کرنے کے نوٹس جاری کر دیے۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق مقررہ مدت گزرنے کے بعد غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے انہیں مسمار کر دیا جائے گا۔ سی ڈی اے حکام کے مطابق 54 سے 60 مقامی افراد کی زمینوں کے حوالے سے سی ڈی اے کے ذمہ کوئی واجبات یا ادائیگیاں باقی نہیں ہیں، تاہم چونکہ تعمیرات ایکوائر کی گئی سرکاری اراضی پر قائم ہیں، اس لیے قانون کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔ سرکاری زمین فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جا سکے گی۔

بقیہ نمبر 5

تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 6

پولیس ریکارڈ کے مطابق شہری محمد وقار کی مدعیت میں تھانہ آئی نائن (انڈسٹریل ایریا) میں ایف آئی آر نمبر 560/26 درج کی گئی۔ مدعی مقدمہ کے مطابق وہ کارپینٹر ہے اور 20 جون 2026 کو سیکٹر آئی-8 اسلام آباد میں اپنے ہیلپر کے ہمراہ کیبن کی مرمت میں مصروف تھا کہ اسامہ نے اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ جعلی چھاپہ مارا، خود کو سرکاری اہلکار ظاہر کر کے موبائل فون چھینا، دو گھنٹے تک حبس بے جا میں رکھا بدترین تشدد کا نشانہ بنا کر 24 ہزار روپے بھتہ وصول کیا۔ مدعی مقدمہ متاثرہ شہری کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی بیمار تھا اور اس کی ملزم سے بہت منت سماجت کی پاؤں پکڑے کہ اسے مارا پیٹا نہ جائے مگر ملزم اسامہ نے اس کی ایک نہ سنی۔ جب متاثرہ شہری نے مطالبہ کیا کہ اگر اس پر کوئی الزام ہے تو اسے قانونی طریقے سے تھانے لے جایا جائے تو اسے بدترین تشدد کا نشانہ بنا کر لہولہان کر دیا گیا۔ مدعی نے یہ بھی الزام عائد کیا ہے کہ مقدمہ درج ہونے کے بعد اس پر مسلسل دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ وہ صلح کر لے یا مقدمہ واپس لے، تاہم اس نے واضح کیا ہے کہ وہ کسی بھی دباؤ میں نہیں آئے گا اور صرف انصاف چاہتا ہے۔ ذرائع کا دعوی ہے کہ گرفتار ملزم اسامہ نہ صرف مجسٹریٹ شعیب فیاض کا ذاتی ڈرائیور ہے بلکہ قریبی عزیز اور انتہائی با اعتماد ساتھی بھی ہے۔ ذرائع کے مطابق وہ اکثر خود کو کبھی مجسٹریٹ اور کبھی مجسٹریٹ کا ریڈر ظاہر کر کے تاجروں، دکانداروں اور شہریوں سے بھتہ وصول کرتا اور انہیں مختلف مقدمات یا کارروائیوں کا خوف دلا کر بلیک میل کرتا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسامہ کے خلاف اس سے قبل بھی متعدد شکایات سامنے آ چکی تھیں، تاہم مبینہ طور پر اثر و رسوخ اور مجسٹریٹ شعیب فیاض کی وجہ سے اسکے خلاف کوئی موثر قانونی کارروائی نہیں ہوئی۔ ادھر قانونی ماہرین نے ایف آئی آر میں شامل دفعات پر بھی سوالات اٹھائے ہیں۔ پولیس نے مقدمے میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 170 ت پ (سرکاری ملازم بن کر دھوکہ دینا)، 342 ت پ (کسی شہری کو غیر قانونی حراست میں رکھنا)، 506 ت پ (دھمکیاں دینا) اور 34 ت پ (مشترکہ نیت) شامل کی ہیں۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ملزم نے واقعی خود کو مجسٹریٹ یا سرکاری افسر ظاہر کرتے ہوئے کارروائی کی، شہری سے رقم وصول کی اور اسے خوفزدہ کیا تو مقدمے میں دفعہ 419 ت پ اور 420 ت پ (دھوکہ دہی)، دفعہ 384 ت پ (بھتہ خوری) اور دیگر متعلقہ قانونی دفعات بھی شامل ہونی چاہیے تھیں، جو ایف آئی آر میں شامل نہیں کی گئیں۔ ماہرین کے مطابق قانون کے تحت کسی مجسٹریٹ کا ڈرائیور، گن مین یا نجی ملازم کسی بھی چھاپے، گرفتاری، تفتیش یا شہری کو حراست میں لینے کا مجاز نہیں ہوتا۔ یہ اختیارات صرف مجاز عدالتی یا پولیس افسران کو حاصل ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر ڈرائیور نے ایسے اقدامات کیے ہیں تو یہ سنگین قانونی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے۔ جب تفتیشی افسر سے اس معاملے کی بابت بات کی گئی تو تفتیشی افسر نوید کا کہنا تھا کہ مقدمہ بالا میں صرف اسامہ کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے باقی دو ملزمان کے بارے میں معلومات نا کافی ہونے کی وجہ سے گرفتاری عمل میں نہیں لائی جا سکی، ملزم اسامہ کو عدالت میں پیش کیا گیا جسے عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل منتقل کرنے کے احکامات صادر کردیے، ابھی تفتیش جاری ہے ملزم کا بیان قلمبند کر لیا ہے، سول سوسائٹی، تاجر تنظیموں اور وکلا برادری نے چیف کمشنر اسلام آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے، تاکہ پس پردہ محرکات ملزم کے سہولت کار اور اسکے غیر قانونی کاموں کو تحفظ دینے والے کردار بھی عیاں ہو سکیں، ادھر ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ملزم اسامہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ضلعی انتظامیہ کا نام استعمال کرکے کارروائیوں میں ملوث پایا گیا، تاجر اور شہری ایسے عناصر کیخلاف فی الفور ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کریں، ڈی سی اسلام آباد کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کے نام پر تاجروں اور شہریوں کو تنگ کرنے والے عناصر کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ضلعی انتظامیہ میں اندرونی احتساب کا کڑا نظام نافذ ہے اختیارات سے تجاوز کرنے والے افسران کے خلاف کارروائیاں یقینی بنائی جاتی ہیں

بقیہ نمبر 7

خیالات کا اظہار ایگزیکٹو انجینئر عصمت اللہ خان ایس ڈی او سب ڈویژن اڈیالہ نے چیئرمین امن کمیٹی راجہ ارشد اور ممبر امن کمیٹی زاہد الحسینی و اہلیان گلشن شمال کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ گذشتہ دنوں بجلی کی مسلسل 48 گھنٹے بندش کے باعث علاقہ کے مکینوں نے روڈ بلاک کیا تھا۔ اس موقع پر امن کمیٹی کے چیئرمین راجہ ارشد اور ممبر امن کمیٹی زاہد الحسینی نے اپنا کردار ادا کیا۔ اور پر امن طریقے سے روڈ کھلوایا اور اس بات کا یقین دلایا کہ ان کے حقوق کی جنگ ہر سطح پر لڑی جائے گی

بقیہ نمبر 8

پر بھی، اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر کی صورتحال اور قومی یکجہتی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں اور کشمیری عوام پر جاری بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں کی جانب سے مسئلہ کشمیر پر موثر حکمت عملی کیلئے پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر اور سندھ حکومت کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا جبکہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی ہر سطح پر اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ رانا محمد قاسم نون نے پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کی جانب سے مسئلہ کشمیر کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کیلئے اقدامات سے متعلق بتایا۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون اور پوری قوم کا متفقہ قومی موقف ہے، سندھ حکومت مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر اور بھارتی مظالم کو بے نقاب کرتی رہے گی۔ شرجیل انعام میمن نے وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون کو سندھی ٹوپی اور اجرک کا تحفہ بھی پیش کیا۔

بقیہ نمبر 9

سے روشناس کرانا ان میں خوداعتمادی نظم و ضبط ٹیم ورک اور ثابت قدمی جیسی مثبت صلاحیتوں کو فروغ دینا تھا سرینا ہوٹلز اور مارگلہ گرینز گالف کلب نے اس اقدام کے ذریعے خواتین اور نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مواقع بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا اس موقع پر مارگلہ گرینز گالف کلب کے سیکریٹری کموڈور (ر) مجید ستی نے کہا کہ ٹی ٹورنامنٹ نوجوان لڑکیوں کو گالف میں آگے بڑھنے کا موثر پلیٹ فارم بن چکا ہے اور سرینا ہوٹلز کے ساتھ شراکت داری اس مقصد کے حصول میں اہم کردار ادا کر رہی ہے سرینا ہوٹلز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عزیز بولانی نے کہا کہ کھیل بااختیار بنانے شمولیت اور شخصیت سازی کا موثر ذریعہ ہیں انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹلز خواتین کی کھیلوں میں شرکت اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے گا سرینا ہوٹلز اپنے کھیلوں کی سفارت کاری پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی خواتین کی کھیلوں میں شرکت کے فروغ اور پاکستان میں ایک زیادہ جامع کھیلوں کی ثقافت کے فروغ کے لیے مختلف منصوبے جاری رکھے ہوئے ہے

بقیہ نمبر 10

کی زبردست حوصلہ افزائی، مہمان خصوصی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیئے، تفصیلات کے مطابق ٹاؤن شپ گراؤنڈ مانسہرہ میں کھیلے جانے والا اسلامت علی میموریل ڈویژنل فٹبال ٹورنامنٹ سجاد شہید FC کلب اوگی نے زبردست و کانٹے دار مقابلے کے بعد صفر کے مقابلے ایک گول سے جیت کر ٹورنامنٹ جیتنے کا اعزاز حاصل کر لیا کے فائنل میں شیخ ہزارہ کلب ڈھمتوڑ ایبٹ آباد کو شکست کا سامنا کرنا پڑا فائنل کے موقع شائقین فٹبال اور تماشائیوں کی بڑی تعداد نے میچ دیکھا اور شاندار کھیل کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو خوب داد دی فائنل میچ کے مہمان خصوصی سماجی شخصیت وقار عالم نے ونر رنر دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیئے ونر ٹرافی فاتح ٹیم سجاد شہید اوگی کے کپتان نے وصول کی مہمان خصوصی نے ٹاؤن شپ گراؤنڈ مانسہرہ میں شاندار فٹ بال ٹورنامنٹ آرگنائز کرانے اور مانسہرہ کے عوام و شہریوں کو بہترین صحت مندانہ کھیل و تفریح ماحول مہیا کرنے پر ٹورنامنٹ کمیٹی و آرگنائزر اور تمام ٹیموں کھلاڑیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں مبارک باد پیش کی،

بقیہ نمبر 11

ہوئے کہا کہ ہسپتال کا الٹرا ساؤنڈ سیکشن مکمل طور پر بند ہونے اور ایکسرے فلم کی عدم دستیابی کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے ہسپتال میں ایکسرے فلم موجود نہ ہونے کی وجہ سے مبینہ طور پر کلاس فور ملازمین سے بھی ایکسرے کا کام لیا جا رہا ہے۔ مریضوں کا کہنا ہے کہ انہیں ایکسرے فلم فراہم کرنے کے بجائے موبائل فون پر تصویر بھیج دی جاتی ہے اس بارے میں ٹی ایچ کیو ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمر فاروق مرزا نے میڈیا کو اپنا موقف دیتے ہوئے کہا کہ الٹرا ساؤنڈ نہ ہونے کی بنیادی وجہ ہسپتال میں ریڈیالوجسٹ کا نہ ہونا ہے جس کی تعیناتی کے لیے محکمہ صحت کے اعلی حکام کو تحریری طور پر مطلع کر دیا گیا ہے ایکسرے روم کے بارے میں ڈاکٹر عمر فاروق مرزا کا کہنا تھا کہ گو کہ ٹیکنیشن موجود نہیں ہے لیکن جو عملہ بھی ایکسرے کر رہا ہے اس نے ایکسرے کرنے کی تربیت لے رکھی ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ چونکہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا دور ہے لہذا ایکسرے کی پکچر بنا کر مریض کے موبائل فون پر بھیج دی جاتی ہے اس کا بنیادی مقصد مہنگی ایکسرے فلموں کے حوالے سے بچت کرنا ہے شہریوں کے مطابق الٹرا ساؤنڈ کی سہولت بند ہونے سے بالخصوص حاملہ خواتین شدید مشکلات کا شکار ہیں، مریضوں کے مطابق بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث سرکاری ہسپتال آنے والے شہری اذیت کا سامنا کر رہے ہیں، جبکہ منتخب اراکین اسمبلی بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر کردار ادا نہیں کر رہے۔ عوامی حلقوں نے وزیر اعلی پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان میں ایکسرے سمیت دیگر تمام ضروری تشخیصی سہولیات فوری فراہم اور ڈاکٹرز سمیت دیگر عملے کی کمی کو پورا کر کے سول ہسپتال میں آنے والے مریضوں کے لئے آسانیاں پیدا کریں

بقیہ نمبر 12

کے جوڈیشل مجسٹریٹ اظہر محمود نے کیس کی سماعت کی، پولیس نے گرفتار ملزمان کو عدالت کے روبرو پیش کیا۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ ملزمان پر غیر ملکی خاتون سے زیادتی اور اغوا کا الزام ہے، ملزمان کے اقدام سے ملکی بدنامی ہوئی، ملزمان سے تفتیش کرنے کے لیے 14 روزہ جسمانی ریمانڈ دیا جائے۔ تاہم عدالت نے پولیس کی چودہ روزہ ریمانڈ کی درخواست مسترد کرتے ہوئے 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا اور پولیس کو آئندہ سماعت پر تفتیشی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ یاد رہے کہ ملزمان پر تھانہ ڈیفنس پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے، ملزمان میں رضا ڈار، حسن رضا، سکندر خان اور ساجد علی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 13

ایک مریضہ خاتون کی ڈیلیوری کے لیے ایمرجنسی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی اور 32 سالہ خاتون مریضہ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ایمبولینس کے ذریعے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال نارووال منتقل کر رہی تھی کہ راستے میں، ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال کے قریب مریضہ نے ایمبولینس کے اندر ایک صحت مند بچے کو جنم دیا۔

بقیہ نمبر 14

لڑائی جھگڑے اور پکڑ دھکڑ سے بھی آگے نکل چکا ہے مگر فریقین پیچھے ہٹنے پر ہرگز تیار نہیں ہیں جن میں تحصیل میونسپل اتھارٹی مانسہرہ (TMA) اور مانسہرہ ویگن و کوچ مالکان یونین شامل ہیں ذرائع کے مطابق دونوں فریقین کے درمیان مانسہرہ لاری اڈہ کے تنازعہ پر ٹرانسپورٹ کا پہیہ رکنے اور اڈہ میں جاری جھگڑا مختلف سفر کرنے والے مسافروں جن میں خواتین و بچے بھی شامل ہیں

بقیہ نمبر 15

سزا سنادی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے لاہور زون نے ویزا فراڈ کے مقدمے میں اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے ملزم محمد بوٹا کو سزا دلوادی۔ انٹیشنل کورٹ سنٹرل-اا لاہور نے ملزم کو 2 سال قید بامشقت، 5 لاکھ روپے جرمانہ اور متاثرہ شہری کو 3 لاکھ روپے بطور معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے لاہور زون کے مطابق ملزم محمد بوٹا نے ایک شہری کو دبئی کے ورک ویزا کا جھانسہ دے کر اس سے 2 لاکھ 25 ہزار روپے وصول کیے تھے۔ اس معاملے پر ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 912/2017 تھانہ انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل لاہور میں درج کیا گیا تھا۔ ایف آئی اے کی مضبوط تفتیش اور قانونی ٹیم کی مؤثر پیروی کے باعث مقدمہ اپنے منطقی انجام تک پہنچا۔ کیس کی پیروی ایف آئی اے کی جانب سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیگل اقرا الطاف نے کی۔ عدالت نے فیصلہ سنانے کے بعد ملزم محمد بوٹا کو جیل بھیجنے کا حکم بھی جاری کر دیا۔

بقیہ نمبر 16

ہے کہ واٹر سپلائی منصوبے پر کروڑوں روپے خرچ کیے جانے کے باوجود عوام آج بھی پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ متعدد علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت برقرار ہے، مگر متعلقہ حکام اس سنگین مسئلے کے حل میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ دوسری جانب اراضی ریکارڈ سینٹر کی آئی ڈی بند ہونے سے رجسٹریوں کا کام بھی بند ہو چکا ہے جس سے سائلین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ روزانہ دور دراز علاقوں سے آنے والے شہری دفاتر کے چکر لگا کر مایوس واپس لوٹ رہے ہیں، لیکن ان کی دادرسی کرنے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ فوری طور پر صفائی، سیوریج، پانی کی فراہمی اور رجسٹریوں کے مسائل حل کرے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر انتظامیہ نے فوری اقدامات نہ کیے تو عوام اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا خود فیصلہ کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی

بقیہ نمبر 17

متعدد سنگین خامیوں کی نشاندہی کی ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈی آئی ساؤتھ کراچی نے صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس طلب کرلیا ہے

بقیہ نمبر 18

طیبہ کے تمام اہم مراحل، مکی و مدنی دور، غزوات، ریاست مدینہ، اخلاق نبوی ﷺ، دعوت و تبلیغ، قیادت، عدل و انصاف، معاشرت اور اسلامی فلاحی معاشرے کے بنیادی اصول نہایت جامع، مستند اور دلنشیں انداز میں بیان کیے گئے ہیں، ہر واقعے کے اختتام پر اس کی اہمیت، حکمت اور عملی اسباق بھی بیان کیے گئے ہیں، تاکہ قارئین صرف سیرت طیبہ کا مطالعہ ہی نہ کریں بلکہ اپنی انفرادی، اجتماعی اور عملی زندگی میں بھی اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں، یہ تصنیف طلبہ، اساتذہ، خطباء، ائمہ، دینی مدارس، جامعات، محققین اور عام قارئین کے لیے یکساں طور پر مفید اور قابل استفادہ ہے، کتاب کے مصنف ڈاکٹر طارق سلیم امیر جماعت اسلامی پنجاب، ممتاز دانشور، محقق اور صاحب قلم ہیں، جو سیرت رسول اکرم ﷺ پر گہرا مطالعہ، تحقیقی بصیرت اور منفرد اسلوب بیان رکھنے کے حوالے سے علمی حلقوں میں خاص مقام رکھتے ہیں، کتاب ملک بھر کے معروف کتب فروشوں کے علاوہ قلم فاؤنڈیشن لاہور سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 19

سیکریٹری راجہ کوہرا اقبال شامل تھے۔ ملاقات کے دوران کھیلوں کی سفارت کاری (Sports Diplomacy) اور پاکستان و قازقستان کے درمیان شطرنج کے شعبے میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قازقستان کے سفیر نے پاکستان شطرنج فیڈریشن کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے شطرنج کے انفراسٹرکچر کی بہتری اور تکنیکی ترقی کے شعبوں میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں ممالک کی شطرنج فیڈریشنوں کے درمیان وفود کے تبادلے پر بھی اتفاق کیا گیا تاکہ باہمی روابط کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔ پاکستان شطرنج فیڈریشن کے صدر سید ذیشان علی نقوی نے قازقستان کے سفیر کا مسلسل تعاون اور حوصلہ افزائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے اس تعاون کو دونوں ممالک کے درمیان کھیلوں کے تعلقات کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا

بقیہ نمبر 20

اور حق دار اس سے محروم ہے۔ خیبر پختونخوا میں بہت ہنر مند نوجوان موجود ہیں جو ترقیاتی مواقعوں سے محروم ہیں انہوں نے پاکستان کی کمزور سیاسی روایات پر بھی بات کی اور کہا کہ جب تک سیاست مفاد کے بجائے خدمت کی بنیاد پر نہیں ہو گی نوجوانوں کا مستقبل محفوظ نہیں ہوسکتا زبیر صدیقی کا کہنا تھا کہ میں پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے نوجوانوں اور علاقے کی آواز بنوں گا۔ اور اس کی ترقی کے لیے ہر قسم کوشش کروگا۔

بقیہ نمبر 21

سے منور کرے اور ان کے تمام صغیرہ و کبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے۔ دعائیہ تقریب میں خادم درگاہ حضرت بری امام سرکار و حضرت گلو بابا سرکار، راجہ سرفراز اکرم، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر حنیف عباسی، محسن بیگ، راجہ امتیاز جنجوعہ، راجہ آصف، راجہ حیدر علی، علی سرفراز، راجہ سہیل، ابصار عالم، راجہ ایاز جنجوعہ، سہیل بھٹی، راجہ اعجاز جنجوعہ، راجہ عبداللہ جنجوعہ، اللہ بخش، احمد علی، چوہدری قمر، محمد وسیم، عبدالرزاق جامی، پیر صاحب عیدگاہ شریف، پیر نقیب الرحمن سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے ڈاکٹر ریاض شہباز جنجوعہ اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس ناقابل تلافی صدمے کو صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔ تقریب کے اختتام پر مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی، جبکہ شرکاء کی تواضع کے لیے خصوصی لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا۔ شرکاء نے اس موقع پر مرحومہ کی دینی، اخلاقی اور خاندانی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ نیک اعمال اور حسن اخلاق انسان کا بہترین سرمایہ ہوتے ہیں، اور مرحومہ کی زندگی ان اوصاف سے مزین تھی۔ دعائیہ تقریب انتہائی عقیدت و احترام کے ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں مرحومہ کے لیے مسلسل دعاؤں اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی خصوصی مناجات کی گئی

بقیہ نمبر 22

آبادی اور روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں افراد کے لیے ایک بہترین تحفہ ہے۔ اس سے سفری مشکلات میں کمی، ٹریفک کے دباؤ میں واضح فرق اور سیاحت کے فروغ میں بھی مدد ملے گی۔ راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب ترقی، جدید ٹرانسپورٹ اور عوامی فلاح کے نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس اہم منصوبے پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ عوامی خدمت کے ایسے منصوبے مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوام سے کیے گئے وعدوں کی عملی تکمیل پر یقین رکھتی ہے اور جدید سفری نظام کا یہ منصوبہ بھی اسی وژن کی ایک روشن مثال ہے، جس کے ثمرات پنجاب بھر کے عوام تک پہنچیں گے

بقیہ نمبر 23

بحفاظت ان کے حوالے کر دیا، اس قابل تحسین اقدام پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک سردار مواربن خان نے خاتون کو کیش انعام اور Good Citizen Certificate سے نوازا، اس موقع پر ڈی پی او اٹک نے کہا کہ ایسے ذمہ دار اور باہمت شہری معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جو پولیس اور عوام کے درمیان تعاون کی بہترین مثال قائم کرتے ہیں

بقیہ نمبر 24

داریاں سونپی گئی ہیں۔ وہ اس سے قبل مختلف اہم سرکاری اداروں میں ابلاغ عامہ، میڈیا مینجمنٹ اور پبلک ڈپلومیسی کے شعبوں میں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ بطور پریس کونسلر ڈاکٹر سہیل آفتاب جرمنی میں پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے، بین الاقوامی میڈیا سے روابط کو فروغ دینے، عوامی سفارت کاری کو موثر بنانے اور پاکستان و جرمنی کے درمیان میڈیا تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ سفارت خانے کے حکام اور پاکستانی کمیونٹی نے ڈاکٹر سہیل آفتاب کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 25

ملزمان کا متعدد گھریلو چوری کی وارداتیں کرنے کا انکشاف، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم نے گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی موبائل فونز اور 06 لاکھ روپے نقدی برآمد کر لی گئی، گرفتار ملزمان کی شناخت راحیل مسیح اور آصف نواز کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے گھریلو چوری کی متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، عوام الناس کو قیمتی اشیاء سے محروم کرنے والے ملزمان کیخلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری رابطہ کریں

بقیہ نمبر 26

جانب سے مقرر کردہ شرائط کے تحت مکمل کیا گیا ہے۔ کمیشن نے واضح ہدایت دی تھی کہ پی ٹی سی ایل کو نئی موبائل کمپنی کا حصہ بنانے کے بجائے اسے ایک آزاد اور الگ کمپنی کے طور پر برقرار رکھا جائے، جس کے بعد پی ٹی سی ایل کو نئی تشکیل دی گئی موبائل کمپنی سے علیحدہ کر دیا گیا۔ انضمام کے بعد نئی کمپنی میں ٹیلی نار پاکستان اور یوفون کے نیٹ ورک انفراسٹرکچر، صارفین، آپریشنل وسائل اور دیگر کاروباری سرگرمیوں کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ تاہم پی ٹی سی ایل اپنے فکسڈ لائن، براڈ بینڈ اور دیگر کاروباری شعبوں میں پہلے کی طرح الگ انتظامی ڈھانچے کے تحت کام جاری رکھے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انضمام کے بعد یوفون کے دفاتر کو بھی کمپنی کے 345 ہیڈکوارٹرز منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں دونوں اداروں کے انضمامی عمل کو مرحلہ وار مکمل کیا جا رہا ہے۔ ٹیلی کام ماہرین کے مطابق اس انضمام سے پاکستان کی موبائل ٹیلی کمیونیکیشن مارکیٹ میں مسابقت، نیٹ ورک کی استعداد اور صارفین کو فراہم کی جانے والی خدمات پر نمایاں اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے، جبکہ پی ٹی سی ایل کی علیحدہ حیثیت برقرار رکھنے کا فیصلہ کمپٹیشن کمیشن کی پالیسی کے مطابق مارکیٹ میں شفاف اور منصفانہ مقابلے کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 27

اقارب اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی بعد ازاں مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ کے بعد مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی جبکہ تعزیت کے لیے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی آمد کا سلسلہ جاری ہے شرکاء نے مرحوم کی مغفرت درجات کی بلندی اور لواحقین بالخصوص حافظ شیر افضل اور دیگر اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 28

ہوٹلوں، 76 دکانیں، 211 موٹر سائیکلوں اور 82 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 15 مشکوک افراد اور 17 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔

بقیہ نمبر 29

انور خان کو کیس کی گہری انکوائری کی ہدایت کی۔ اسی دوران جہانگیرہ کے علاقے سے ایک مکان سے لاوارث نعش برآمد ہوئی، جس کی شناخت مدعی نے اپنے بھائی ارسلان کے نام سے کی۔ مدعی نے نعش برآمد ہونے پر نامزد ملزمان نواب خان ولد مجنون خان اور اس کی بیوی مسماۃ (ن) پر الزام عائد کیا اور قتل کی وجہ موبائل فون کی اقساط کا تنازعہ بتایا۔ تفتیشی ٹیم نے جدید سائنسی خطوط پر تفتیش کرتے ہوئے نامزد ملزم نواب خان تک رسائی حاصل کر کے اسے گرفتار کر لیا، نشاندہی پر مقتول کے زیر استعمال سکوٹی اور موبائل بھی برآمد کر لیا گیا۔ یاد رہے کہ ملزمہ مسماۃ (ن) قبل ازیں جیل جا چکی ہے۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 30

ہیں شہریوں نے الزام عائد کیا کہ مختلف علاقوں میں ایل پی جی کی قیمتوں میں واضح فرق پایا جاتا ہے اور صارفین سے سرکاری نرخ سے زائد رقم وصول کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں ایل پی جی کی من مانی قیمتوں نے گھریلو بجٹ کو مزید متاثر کر دیا ہے اہل علاقہ نے ضلعی و تحصیل انتظامیہ اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے مطالبہ کیا ہے کہ ایل پی جی کی سرکاری قیمتوں پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے اور عوام کو ناجائز منافع خوروں سے ریلیف فراہم کیا جائے

بقیہ نمبر 31

کی جانب سے اس عوامی مسئلے کی مسلسل نشاندہی کے بعد جب ایم ڈی واسا راولپنڈی عزیز اللہ خان سے رابطہ کر کے موقف لیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ منصوبے کا بیشتر کام مکمل ہو چکا ہے، تاہم ایکسپریس وے کے نیچے سے پانی کی سپلائی لائن گزارنے کا مرحلہ باقی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تکنیکی مرحلہ مکمل ہوتے ہی آئندہ دو ماہ کے اندر واٹر ٹینک کو مکمل طور پر فعال کر دیا جائے گا، جس کے بعد ڈھوک کالا خان اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ واضح رہے کہ جب اس منصوبے پر کام کا آغاز کیا گیا تھا، اس وقت عزیز اللہ خان ڈائریکٹر واٹر سپلائی کے عہدے پر تعینات تھے، جبکہ اس وقت وہ فلیگ شپ ڈائریکٹر واسا راولپنڈی کے فرائض انجام دے رہے ہیں

بقیہ نمبر 32

پر گفتگو کی نئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی قیادت زمینی حقائق تسلیم کرنے سے گریزاں ہے، بھارت ایک ہندوتوا زدہ ناکام ریاست ہے تاہم اسے اپنے آپ کو بڑا دکھانے کی عادت ہو چکی ہے، بھارتی ریاست کی ناکامی کی وجوہات بڑھتی ہوئی عدم برداشت اور مذہبی شدت پسندی ہے جبکہ اکھنڈ بھارت کا غیر حقیقی خواب اس کے توسیع پسندانہ عزائم کی عکاسی کرتا ہے۔

ذرائع کا کہنا ہے کہ ہندوتوا نظریے نے بھارت کے سیکولر چہرے کو مسخ کر دیا ہے، بھارت کی فوج بی جے پی کی متشدد اور مذہبی سیاست کی نذر ہو چکی ہے، تقسیم شدہ معاشرہ کی موجودگی میں بھارت کے شائننگ انڈیا ہونے کا نعرہ محض ایک ڈھکوسلا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارت کی ریاست درحقیقت ایک پولیس اسٹیٹ کا نام ہے جس میں آزادی اظہار رائے اور صحافت کو ریاستی کنٹرول میں رکھا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے دنیا کا اگلا سب سے بڑا قتل عام بھارت میں ہونے کا خدشہ ہے، جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، اس قتل عام کی شدت غزہ اور فلسطین سے بھی بڑھ کر ہوگی۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ ہندوستان میں پائی جانے والی تفریق اور اقلیتوں پر ہونے والے ظلم ہندوستان کی مزید تقسیم کا شاخسانہ بنیں گے، ہندوتوا کے پیروکار یہ سمجھتے ہی نہیں ہیں کہ مسلمانوں اور دوسری اقلیتوں کو بھی جینے کا حق ہے، بھارت کے مسلمانوں کے لیے زندہ رہنے کی پہلی شرط ہندوتوا سوچ کے سامنے اپنی وفاداری کا ثبوت دینا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے عوام دنیا کی سب سے بڑی فوجی چھاؤنی میں محصور ہیں جہاں ہر 7 سے 8 فرد پر ایک فوجی اہلکار تعینات ہے، بھارت آزادی کی تحریکوں کو چھپانے کیلئے پاکستان کا نام لے کر مختلف فالس فلیگ کا ڈھونگ رچاتا ہے جس کا مقصد دنیا کی توجہ بھی ہٹانا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ بھارتی جنونیت اور اجارہ داری ایک مضبوط، خوشحال اور معتدل پاکستان کو اپنے لیے خطرہ سمجھتی ہے، پاکستان کے استحکام اور ترقی کو ہندوتوا کے پیروکار اپنی موت سمجھتے ہیں اسی وجہ سے بھارتی میڈیا اور سیاست دونوں پاکستان اور پاکستان کی افواج کے بارے میں بیانیہ بنانے میں الجھے رہتے ہیں، ریاست پاکستان اور اس کی عوام بھارت سے نہ کبھی مرعوب تھے اور نہ ہی کبھی ہونگے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی سرکردہ لیڈرشپ بھارتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ نمبر 33

لیں۔ عبوری صدر کے مطابق سب سے زیادہ متاثرہ ریاست لاگوریا میں سرکاری عمارتیں گرنے سے متعدد علاقائی سرکاری حکام جان کی بازی ہار گئے، جبکہ ملک بھر میں 189 عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔ ڈیلسی روڈریگز نے بتایا کہ تعمیر نو کے لیے آئی ایم ایف کے تعاون سے 20 کروڑ ڈالر کا خصوصی فنڈ قائم کیا جا رہا ہے، آئی ایم ایف اور عالمی بینک نے وینزویلا کو مالی امداد اور قرض کی پیشکش بھی کی ہے، جبکہ فنڈ سے حاصل ہونے والی رقم گھروں، بنیادی ڈھانچے اور دیگر متاثرہ تنصیبات کی بحالی پر خرچ کی جائے گی۔ حکام کے مطابق لاپتہ افراد کی سرکاری تعداد جاری نہیں کی گئی تاہم غیر سرکاری آن لائن فہرستوں میں قریباً 38 ہزار 500 افراد اب بھی لاپتہ بتائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 34

نہیں بجھ سکی ہے۔ کم جولائی کو منی پور کے ضلع کانگ پوکپی میں میانمار کی سرحد کے ساتھ واقع ایک گاؤں کو نذر آتش کیے جانے کے واقعے نے اس بات کا اشارہ دیا ہے کہ ایک وقفے کے بعد کوکی اور ناگا برادریوں کے درمیان تنازع دوبارہ سر اٹھا رہا ہے۔ بی بی سی کے مطابق کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے متعدد مکانات کو نذر آتش کرنے کے واقعات پر مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اسے مودی حکومت کے تقسیم پسندانہ نظریے ※ کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ حزب اختلاف کے رہنما نے کہا کہ منی پور برسوں سے جل رہا ہے، اور نفرت اور تشدد کی آگ میں ایک بار پھر 20 گھر جل کر خاکستر ہو گئے۔ ※ انہوں نے ہندی زبان میں ایک پوسٹ میں لکھا: دو حکومتوں اور صدر راج کے ہوتے ہوئے بھی، تنازع مزید گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ ہزاروں لوگ اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، لاتعداد خاندان بکھر چکے ہیں۔ منی پور جس ناقابل برداشت اذیت کو برداشت کر رہا ہے، اس کا تصور کرنا بھی مشکل ہے۔ ※ انہوں نے مزید لکھا کہ یہ مودی سرکار کے تفرقہ انگیز نظریے کا نتیجہ ہے، جو لوگوں کو مذہب، ذات، زبان، علاقہ اور شناخت کی بنیاد پر تقسیم کرتا ہے۔ ※ دریں اثنا دو کوکی تنظیموں نے دو الگ الگ بیانات میں گھر جلائے جانے کی مذمت کی ہے۔ مٹی آن ٹرائبل یونٹی اور کوکی سی ایس او (سول سوسائٹی آرگنائزیشن) ورکنگ کمیٹی کا کہنا ہے کہ نیشنل سوشلسٹ کونسل آف ناگالم (این ایس سی این) اور میانمار میں قائم شانی نیشنلسٹ آرمی کے تعاون سے یہ منصوبہ بند حملہ ※ کو انجام دیا گیا ہے۔ کوکی تنظیموں کے مطابق مسلح گروہوں نے یہ حملہ آسام رائفلز کی جانب سے فائمول میں قائم سکیورٹی چوکی خالی کرنے کے ایک دن بعد کیا ہے، جس کے نتیجے میں گاؤں غیر محفوظ رہ گیا تھا۔ انھوں نے 11 جون کو سرحدی گاؤں کلتوہ پر ہونے والے اسی نوعیت کے حملے کا بھی حوالہ دیا، جو ان کے بقول کانگ پوکپی ضلع میں کوکی دیہاتیوں کے خلاف منظم اور مہدف تشدد ※ کے ایک تشویش ناک رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔ بھارتی خبر رساں ادارے پی ٹی آئی کی ایک رپورٹ کے مطابق تنظیم کا کہنا ہے کہ عینی شاہدین کے مطابق جدید ہتھیاروں سے لیس تقریباً 20 کوکی جنگجو سرحدی ستون نمبر 102 کے قریب واقع فائیکوگاں سے دریائے نامیا عبور کر کے آئے اور ناگا آبادیوں پر منظم حملہ کیا۔ مقامی لوگ جان بچانے میں کامیاب ہو گئے، لیکن ان کے مکانات جلا دیئے گئے۔ تنظیم نے مزید کہا کہ کھیروں گرام میں 2023 سے مقیم 365 بے پناہ گزینوں کے لیے قائم 20 عارضی کیمپ بھی نذر آتش کر دیئے گئے ہیں۔ جبکہ ناگا ولیج گارڈ کا کہنا ہے کہ ناگا آبادیوں پر حملے اس وقت ہوئے جب دوپہر تقریباً ڈیڑھ بجے فائیمول کے 20 متروک گھروں کو جان بوجھ کر آگ لگائی گئی تھی، اور صرف چند منٹ بعد ناگا بستیوں پر یلغار کر دی گئی۔ ※ تنظیم نے مزید دعوی کیا کہ یہ واقعہ اسی طرز پر ترتیب دیا گیا تھا جیسے لانچاہل (کوکی) گاؤں کو جلائے جانے کے بعد 7 مئی کو تین تانگکھل ناگا دیہات زی چورو، وانگلی، اور نالی پر حملہ کیا گیا تھا۔ دریں اثنا منی پور پولیس نے پیپلز ریوولیوشنری پارٹی آف کانگلیپاک نامی میتئی شدت پسند تنظیم کے تین ارکان کو گرفتار کر لیا۔ ان پر امپھال ایسٹ اور امپھال ویسٹ اضلاع میں گھروں پر کیے گئے متعدد گرینیڈ حملوں میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ ادھر واقعے کے خلاف بڑی تعداد میں خواتین سڑکوں پر نکل آئیں اور احتجاج کرنے لگیں۔ ایک خاتون نے بی بی سی کو بتایا کہ ہمیں حکومت سے کوئی امید نہیں رہی۔ پچھلے کئی برسوں میں جتنی بھی ہلاکتوں کے واقعات ہوئے، آج تک کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ تشدد میں بچوں کو نشانہ بنایا گیا ہو، اس سے پہلے بھی ایسے واقعات ہو چکے ہیں، مگر کسی کو انصاف نہیں ملا۔ ※ دو سال قبل لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے بعد ہندو نظریاتی تنظیم آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھگوت نے کہا تھا منی پور ایک سال سے امن کا انتظار کر رہا ہے۔ اس سے پہلے یہ 10 سال تک پر امن تھا۔ منی پور میں اب بھی جل رہا ہے، اس پر کون توجہ دے گا؟

بقیہ نمبر 35

ٹریکٹر ٹرالی نے انہیں کچل دیا۔ حادثے میں تینوں شدید زخمی ہو گئے، تاہم شاہد کی بیوی ساجدہ زخموں کی تاب نہ لا کر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی، جبکہ شاہد اور ان کی بیٹی عشاء نور کو ریسکیو 1122 کی ٹیم نے سول ہسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ نمبر 36

ہیں۔ حادثے کے بعد شیرانی اور ڈیرہ اسماعیل خان کے اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے تاکہ زخمیوں کو فوری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ریسکیو آپریشن میں ریسکیو 1122، فرنٹیئر کور (ایف سی)، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ادارے مشترکہ طور پر حصہ لے رہے ہیں۔ دشوار گزار پہاڑی علاقے کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا ہے، تاہم ریسکیو اہلکار مسلسل آپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں جاں بحق افراد کی شناخت، 13 کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے ریسکیو 1122 کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان سے 7 ایمبولینسز، ایک ریسکیو ویہکل اور 30 سے زائد اہلکاروں نے امدادی آپریشن میں حصہ لیا، حادثے میں کم و بیش 40 افراد جاں بحق ہوئے جن میں اب تک 32 افراد کی شناخت مکمل ہو چکی ہے۔ شناخت شدہ 32 جاں بحق افراد میں سے 13 کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے، جاں بحق افراد میں 2 افراد کا تعلق ضلع خیبر، 2 کا تعلق پشاور سے ہے، جبکہ مزید 9 افراد کی شناخت کا عمل جاری ہے، حادثے میں خیبر پختونخوا کے 6 افراد زخمی ہوئے ہیں جن کے کوائف اور رہائشی اضلاع کی تصدیق کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب وزیر اعظم شہباز شریف نے بس حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جاں بحق ہونے والے افراد کی بلندی درجات کے لیے دعا کی ہے۔ انہوں نے افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا اور انہیں ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ علاوہ ازیں وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے المناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی صوبائی حکومت نے متعلقہ اداروں کو فوری طور پر ریسکیو اور امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ دونوں صوبوں کی ضلعی انتظامیہ، ایف سی، ریسکیو ادارے اور متعلقہ محکمے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں، جبکہ زخمیوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 37

گئے قرضوں پر مشتمل ہیں۔ چارج آف قرض وہ ہوتا ہے جسے قرض دہندہ طویل عرصے تک عدم ادائیگی کے بعد اپنے مالیاتی ریکارڈ میں نقصان کے طور پر درج کر دیتا ہے، تاہم قرض لینے والا قانونی طور پر اس کی ادائیگی کا پابند رہتا ہے۔ آڈٹ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ زرعی ترقیاتی بینک میں قرضوں کی عدم وصولی کی بنیادی وجوہات میں قرضوں کی منظوری کے عمل میں کمزور جانچ پڑتال، کریڈٹ کنٹرولز کی خامیاں اور قرضوں کی وصولی کا غیر موثر نظام شامل ہیں۔ مالی سال 2024 کے دوران چارج آف قرضوں کو بھی شامل کیا جائے تو بینک کا لون انفیکشن (Loan Infection) تناسب 44 فیصد تک پہنچ گیا، جس کا مطلب ہے کہ بینک کی جانب سے ہر 100 روپے قرض دینے پر تقریباً 44 روپے واپس وصول نہیں ہو سکے۔ آڈٹ رپورٹ میں اس شرح کو بینکاری شعبے کے 2.7 فیصد کے صنعتی معیار کے مقابلے میں انتہائی بلند قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 38

بچوں کے لواحقین کو 20 لاکھ جبکہ ہر زخمی کے لیے 5 لاکھ روپے کے امدادی چیکس تقسیم کیے۔ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ متاثرہ خاندانوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلی مریم نواز نے کہا کہ "لفظ کم ہیں، غم بہت بڑا ہے۔" ان کا کہنا تھا کہ دکھی ماں کے آنسوؤں کا مداوا کوئی رقم نہیں کر سکتی، ننھے پھولوں کا اس طرح بچھڑ جانا انتہائی دلخراش ہے۔

بقیہ نمبر 39

مطابق علامہ ناصر مدنی نماز جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے اور اسی دوران کلمہ طیبہ پڑھ رہے تھے کہ اچانک ان کی طبیعت بگڑ گئی اور وہ پیچھے کی جانب گر گئے۔ واقعہ پیش آتے ہی مسجد میں موجود افراد فوری طور پر ان کی مدد کیلئے آگے بڑھے اور ابتدائی طبی امداد دینے کی کوشش کی گئی۔ بعد ازاں انہیں فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ڈاکٹروں کی جانب سے ان کا طبی معائنہ اور علاج جاری ہے۔ ان کے چاہنے والوں اور عقیدت مندوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 40

کے بعد وزیر اعظم، جو آج ہی تہران پہنچے تھے، اپنے سرکاری دورۂ ترکیہ کے لیے استنبول روانہ ہو گئے۔ ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق شہید سپریم لیڈر علی خامنہ ای کا جسد خاکی تہران کے ثقافتی مرکز امام خمینی مصلی، منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں دنیا بھر سے آنے والے وفود اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والی شخصیات خراج عقیدت پیش کر رہی ہیں۔ شہید کی نماز جنازہ کل ادا کی جائے گی جس میں دنیا بھر سے سربراہان مملکت سمیت لوگوں کی بہت بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔ ایرانی دارالحکومت تہران سے جسد خاکی کو تہران سے قم، پھر نجف اور بعد ازاں کربلا منتقل کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ 28 فروری 2026 کو امریکا اور اسرائیل کی جانب سے تہران میں حملے کے دوران سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے کمپاؤنڈ کو نشانہ بنایا گیا تھا، جس کے نتیجے میں ان کی اور دیگر اہم شخصیات کی شہادت ہوئی تھی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایران کے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی تجہیز و تدفین کی تقریب میں شرکت کی اور بعد ازاں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ملاقات کے دوران شہید آیت اللہ علی خامنہ ای کی ایران کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ نمبر 41

کیا۔ جعلی ٹیم نے 3 ہوٹلوں میں انسپکشن کی اور بھاری جرمانے لیے، اطلاع ملنے پر کارروائی کی تو خواتین نے فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم گرفتار کر لیا گیا۔ خواتین کے خلاف مقدمہ درج کر کے تھانہ ویمن منتقل کر دیا گیا۔ پولیس معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ جبکہ دوسری جانب وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کو لوٹنے والے جعلی پولیس اہلکاروں کو اصلی پولیس والوں نے گرفتار کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد پولیس نے چند ملزمان کو پکڑا ہے جو جعلی پولیس اہلکار بن کر پمز ہسپتال آنے والے پریشان حال لوگوں کو ٹارگٹ کرتے تھے اور اسلحہ کی نوک پر لوٹتے تھے۔ ملزمان کو تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے گرفتار کیا ہے، ملزمان اسی طرح کی وارداتوں میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور وائرلیس سیٹ برآمد ہوا ہے، ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا اعتراف کر لیا ہے

بقیہ نمبر 42

کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق کالا جادو جن نکالنے کیلئے بچی کو جلایا گیا ہے۔ گرفتاری کے دوران ملزمان نے پولیس ٹیم سے مزاحمت کی لیکن پولیس نے انہیں گرفتار کرنے کے بعد تھانے منتقل کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال فروری میں راولپنڈی میں قبرستان میں جادو، عملیات کرنے والے شخص کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 43

درخواست پر تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے جوڈیشل پینل ایکٹوازم کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عوام مہنگے ترین داموں پٹرول خریدتے رہے جبکہ آئل کمپنیاں ریکارڈ منافع کماتی رہیں۔ درخواست کے مطابق پاکستان اسٹیٹ آئل کا منافع 149 فیصد، اٹک پیٹرولیم کا 92 فیصد بڑھا، جبکہ پاکستان ریفائنری کا منافع 293 ملین روپے سے بڑھ کر 49.25 ارب روپے، یعنی 8600 فیصد سے زائد ہو گیا۔ اسی طرح نیشنل ریفائنری خسارے سے نکل کر 30.7 ارب روپے منافع میں آ گئی، جبکہ پی ایس او نے ریکارڈ منافع کی وجہ علاقائی جنگی صورتحال کو قرار دیا۔ درخواست میں مزید موقف اختیار کیا گیا کہ مہنگائی کا بوجھ عوام نے برداشت کیا جبکہ فائدہ حکومت اور آئل کمپنیوں کو ملا، اور حکومت کو صرف پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) کی مد میں تقریباً 7.1 ٹریلین روپے آمدن متوقع ہے، جس سے حکومت، آئل کمپنیوں اور صارفین کے درمیان ایک غیر منصفانہ مالی نظام قائم ہو گیا ہے۔ عدالت سے استدعا کی گئی کہ تمام آئل کمپنیوں اور متعلقہ اداروں کا مکمل آڈٹ ریکارڈ طلب کیا جائے، غیر معمولی منافع کی عدالتی نگرانی میں تحقیقات کرائی جائیں، عوام کو ریلیف دیے بغیر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور پی ڈی ایل میں مزید اضافے سے روکا جائے، جبکہ برطانیہ، یورپین نیشنز اور انڈیا کی طرز پر ونڈ فال پرافٹ ریگولیشن نافذ کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 44

ورزی کے ثبوت کا لنک بھی موجود ہوگا، شہری اس لنک کے ذریعے اپنی ٹریفک خلاف ورزی کی ویڈیو اور تصاویر دیکھ سکیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ صوبہ بھر میں ٹریفک پولیس ون ایپ کے ذریعے شواہد کے ساتھ چالان جاری کئے جائیں گے، وزیر اعلی پنجاب کی ہدایات پر نافذ کیے گئے اس نظام کا مقصد چالاننگ کے عمل میں شفافیت، انصاف اور سہولت کو یقینی بنانا ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے مطابق شواہد پر مبنی چالاننگ نظام سے شہریوں اور ٹریفک پولیس کے درمیان غیر ضروری بحث و تکرار میں کمی آئے گی، دونوں کے وقت کی بچت ہوگی، جبکہ چالان ادا نہ کرنے والوں کے خلاف مستند اور ثبوت پر مبنی قانونی کارروائی بھی ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ٹریفک پولیس کی عوام دوست خدمات کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے اور فوری، شفاف اور منصفانہ انصاف ہی ایک ترقی یافتہ اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہے

بقیہ نمبر 45

مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور عمرہ و حج کیلئے بہترین انتظامات پر قائم مقام گورنر مکہ ریجن کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔ سعودی گورنر نے پاکستان کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دینے اور ہر ممکن تعاون کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 46

صادق نے شہید سپریم لیڈر کے لئے دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور ایرانی اسپیکر باقر قالیباف سے بھی ملاقات کی اور انہوں نے ایرانی صدر اور مجلس شوریٰ کے اسپیکر سے اظہار تعزیت کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے ایران کے لئے خدمات پر شہید سپریم لیڈر کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ واضح رہے کہ اسپیکر سردار ایاز صادق نے اپنے ایرانی ہم منصب کی دعوت پر آیت اللہ سید علی خامنہ ای شہید کی دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 47

پارٹی ہر سال 5 جولائی کو یوم سیاہ مناتی ہے۔

بقیہ نمبر 48

پاکستان کے درمیان جنگ روک کر 3 کروڑ جانیں بچائیں، پاکستانی وزیر اعظم نے کہا کہ میں نے جنگ روک کر 3 کروڑ افراد کو بچایا

بقیہ نمبر 49

گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کنیکٹیویٹی کے شعبے میں پاکستان نے 8.22 پوائنٹس کی بہتری حاصل کی، جس کے بعد میٹنگ فل کنیکٹیویٹی اسکور 79 تک جا پہنچا ہے

بقیہ نمبر 50

کیلئے بھرپور دلجمعی سے کام کیا جا رہا ہے۔ فیصل آباد میں صنعت کاروں اور کاروباری برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ وفاقی بجٹ کی تیاری میں تاجروں اور صنعتکاروں کی تجاویز کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 51

کی قیمت 225 روپے فی لیٹر مقرر کی جائے جبکہ ٹرانسپورٹ، کرایوں، اشیائے خوردونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتیں بھی 28 فروری کی سطح پر واپس لائی جائے۔

بقیہ نمبر 52

ہے۔ ان خیالات کا اظہار گورنر سٹیٹ بینک نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ نئے مالی سال میں میڈیا سے رابطے کو فروغ دیا جائے گا، مانیٹری پالیسی کیلنڈر میں پریس کانفرنسز کی تعداد کو ششماہی سے سہ ماہی کر دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 53

راولپنڈی حسن وقار چیمہ کا بھی تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کیپٹن (ر) ندیم ناصر کو نیا ڈپٹی کمشنر راولپنڈی تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کیپٹن (ر) شہریار شیرازی کا تبادلہ کر کے ان کی جگہ کیپٹن (ر) طیب سمیع خان کو اے ڈی سی (ریونیو) راولپنڈی مقرر کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر (صدر) حکیم خان کا بھی تبادلہ کر دیا گیا ہے، جبکہ محمد اختر کو نیا اسسٹنٹ کمشنر (صدر) راولپنڈی تعینات کیا گیا ہے۔ دوسری جانب پنجاب حکومت نے نئے سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کا بھی تبادلہ کرتے ہوئے انہیں سنٹرل پولیس آفس لاہور رپورٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نئے سی پی او راولپنڈی کی تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری ہونے کا انتظار ہے۔ انتظامی حلقوں کے مطابق ان تبادلوں کا مقصد راولپنڈی ڈویژن میں انتظامی امور اور پولیس نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 54

واشنگٹن اور اسلام آباد کے تعلقات میں بہتری آئی ہے۔ افغانستان بھارتی ایما پر ایسے عسکریت پسندوں کو پناہ دیتا ہے جو پاکستان میں حملوں کی منصوبہ بندی کے ذمہ دار ہیں، اس سلسلے میں پاکستان نے بین الاقوامی سطح پر شواہد بھی پیش کیے ہیں۔ پاکستان اور پڑوسی ملک افغانستان کے درمیان کشیدگی برقرار ہے

بقیہ نمبر 55

ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کے اس دیرینہ موقف کی عکاسی کرتی ہے کہ علاقائی تنازعات صرف سفارت کاری اور مذاکرات کے ذریعے ہی حل کیے جا سکتے ہیں، پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کا محرک علاقائی اور عالمی امن کے لیے وابستگی ہے جس کا مقصد جانیں بچانا، کشیدگی کو کم کرنا اور ایک پائیدار باہمی افہام و تفہیم اور حتمی معاہدے کی جانب لے جانے والے منظم مذاکرات کے لیے راستہ ہموار کرنا ہے۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے 17 جون، 2026 کو دستخط کیے تھے، پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے 18 جون کو مشرق وسطی کی جنگ کے خاتمے کے لیے امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر بطور ثالث دستخط کیے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان کی قیادت اس معاہدے کے تحت سفارتی تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے مذاکرات کرنے والے فریقین، علاقائی شراکت داروں اور دیگر ممالک کے ساتھ رابطے میں رہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نقطہ نظر سے یہ حقیقت کہ بات چیت جاری ہے اور فریقین مذاکرات کی میز پر موجود ہیں، ایک اہم اور مثبت نتیجہ ہے، ہم کسی بھی قسم کی کشیدگی کو روکنے اور سفارتی رابطے کو برقرار رکھنے کے لیے بات چیت اور اعتماد سازی کے اقدامات میں سہولت فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کے درمیان رابطے کے ذرائع کھلے رہے، اور پاکستان خطے بھر میں امن اور استحکام کو فروغ دینے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جی سی سی ممالک کے خلاف حملوں کی واضح طور پر مذمت کرتا رہا ہے اور ایک بار پھر بحرین اور کویت میں اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، مزید کسی بھی قسم کی کشیدگی کے علاقائی اور بین الاقوامی امن اور سیکیورٹی پر سنگین نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کے مستقل مندوب نے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرنے پر قطر، سعودی عرب، ترکیہ، مصر اور چین کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ خطے میں دیرپا امن کے لیے بات چیت ہی واحد پائیدار راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 56

متعلق اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے متعدی امراض پر قابو پانے کیلئے ماہرین پر مشتمل خصوصی کمیٹی تشکیل دینے، صوبوں سے مشاورت یقینی بنانے اور وزارت قانون کو متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر قانونی اور ضابطہ جاتی نظام میں ضروری ترامیم تجویز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قومی سطح پر جامع حکمت عملی کی تشکیل اور اس پر موثر عمل درآمد ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ادارہ ادویات پاکستان (ڈریپ) طبی آلات تیار کرنے والی صنعت سے مشاورت کر کے سرنجوں کے ذریعے متعدی امراض کے پھیلاؤ کی مستقل روک تھام کے لئے موثر پالیسی اقدامات تجویز کرے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ متعدی امراض کے خلاف جاری کوششوں میں بین الاقوامی شراکت داروں کا تعاون نہایت اہم ہے، جبکہ علاج میں استعمال ہونے والے طبی آلات کی مقامی تیاری اور شعبہ صحت سے وابستہ عملے کی عالمی معیار کے مطابق تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کی ہدایت پر قائم خصوصی ٹاسک فورس اور وزارت قومی صحت کی جانب سے متعدی امراض کے سدباب کے لئے کئے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت برائے صحت مختار احمد برتھ، اٹارنی جنرل منصور اعوان، عالمی فنڈ کی نمائندہ، صحت عامہ کے ماہرین، ادارہ ادویات پاکستان کے نمائندگان اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 57

4 لاکھ 40 ہزار 936 روپے ہے۔ ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ 10 گرام سونے کا بھاؤ 10 ہزار 459 روپے اضافے سے 3 لاکھ 78 ہزار 31 روپے ہے۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 122 ڈالر اضافے سے 4185 ڈالر فی اونس ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی سونے کی فی تولہ قیمت میں 9 ہزار 100 روپے کا اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 58

ایس کی متاثرہ بین الاقوامی ٹرانزٹ صلاحیت بحال ہو گئی ہے، گزشتہ روز ایس ایم ڈبلیو 5 میں خرابی کے باعث پاکستان سمیت کئی ممالک میں انٹرنیٹ سروس متاثر ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر 59

میں آسانی اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے فروغ کی کلید بن چکی ہے، متبادل تنازعاتی حل (اے ڈی آر) کے موثر نظام سے عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ کم ہوگا اور انصاف کی فراہمی مزید تیز اور موثر بنائی جا سکے گی۔ انہوں نے یہ بات وزارت قانون و انصاف کے زیر انتظام انٹرنیشنل میڈی ایشن اینڈ آربیٹریشن سینٹر (آئی ایم اے سی) کے زیر اہتمام پہلی بین الاقوامی طور پر منظور شدہ ثالثی تربیتی پروگرام (ماڈیول-ا) کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ پانچ روزہ پروگرام کی اختتامی تقریب کامسیک سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوئی جہاں کامیاب شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ حکومت پاکستان جدید، موثر اور سرمایہ کاری کے لئے سازگار نظام انصاف کے قیام کے لئے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 60

ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ اسکول ایجوکیشن پنجاب نے شہر بھر میں قائم اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز کا جامع سروے شروع کر دیا ہے، جس کے دوران اب تک 760 غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ اکیڈمیز کا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن کے مطابق لاہور میں اس وقت 14 ہزار کے قریب اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز کام کر رہے ہیں، جن کی رجسٹریشن، عمارتوں کی حالت اور حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ تمام اکیڈمیز اور ٹیوشن سینٹرز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور قانونی تقاضے پورے کریں، بصورت دیگر غیر رجسٹرڈ اداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کر دیا جائے گا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے واضح کیا ہے کہ فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کسی بھی عمارت میں اکیڈمی یا ٹیوشن سینٹر چلانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

اسلام آباد، آئی جی پولیس سید ناصر رضوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بارانی یونیورسٹی اعلیٰ تعلیم کو AI اور انٹر پرینیور شپ سے ہم آہنگ کر رہی، VC

اراکین فیسیلی ٹیشن کمیٹیز تکنیکی، انتظامی اور علمی معاونت فراہم کر رہے ہیں، قمر الزمان

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے یونیورسٹی کی مختلف فیکلٹیز اور انسٹیٹیوٹس کا تفصیلی دورہ کیا، جس کا مقصد تعلیمی، انتظامی اور تحقیقی سرگرمیوں کا جائزہ لینا اور ادارہ جاتی ترقی کے عمل کو مزید مؤثر بنانا تھا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ مختلف فیسیلیٹیشن کمیٹیز کے اراکین بھی موجود تھے جو تکنیکی، انتظامی اور علمی معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ دورے کے دوران وائس چانسلر نے ڈینز، ڈائریکٹرز، چیئرمینز، فیکلٹی ممبران اور انتظامی افسران سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے مختلف تعلیمی پروگرامز، تحقیقی منصوبوں، تدریسی معیار اور انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے مزید بہتری کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ہزارہ بھر میں تمام سی این جی اسٹیشنز بند

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ ایبٹ آباد سمیت ہزارہ بھر میں تمام سی این (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کراچی، کیفے میں لڑکی پر وحشیانہ تشدد، ناخن اکھڑ گئے

کراچی (آئی این پی) کراچی میں بخاری کمرشل پر واقع ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وائس چانسلر بارانی یونیورسٹی ڈاکٹر قمر الزمان ودیگر کا یونیورسٹی فیکلٹیز اور انسٹیٹیوٹس دورے کے بعد گروپ فوٹو

سی ڈی اے پونا فقیراں کے 254 گھروں کے مکینوں کو مسماری کے پروانے جاری

مکین آپریشن سے بچنے کیلئے ہاتھ پاؤں مارنے لگے، مقررہ مدت کے بعد غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا جائے گا

سرکاری زمین فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، حکام

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سی ڈی اے کا 254 گھروں کے مکینوں کو مسماری کے پروانے مکانات کو نشانات لگا دیئے اگلے آئندہ تین دن میں بڑے آپریشن کے نوٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر طارق سلیم کی کتاب سیرتِ معلمِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شائع

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کے اہم واقعات کو مؤثر انداز میں پیش کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم کی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ پر مبنی نئی کتاب سیرتِ معلمِ انسانیت شائع ہوگئی ہے، سیرتِ معلمِ انسانیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کے اہم واقعات کو نہایت سادہ، عام فہم، مدلل اور مؤثر انداز میں پیش کیا گیا ہے، کتاب میں ولادتِ باسعادت سے لے کر وصالِ مبارک تک رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ذیشان نقوی کی قیادت میں وفد کی قازقستان کے سفیر سے ملاقات

پاکستان شطرنج فیڈریشن اور قازقستان میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان شطرنج فیڈریشن (سی ایف پی) کے صدر سید ذیشان علی نقوی کی قیادت میں فیڈریشن کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کی قازقستان کے سفیر یرژان کستافن سے ملاقات۔ وفد میں سینئر نائب صدر انوار سلیم، نائب صدر نادیہ گیلانی اور جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ٹیلی نار اور یوفون ضم، نئی کمپنی پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن موبائل لمیٹڈ قائم

پی ٹی سی ایل فکسڈ لائن، براڈ بینڈ اور دیگر کاروباری شعبوں میں پہلے کی طرح الگ انتظامی ڈھانچے کے تحت کام جاری رکھے گا

انضمام کے بعد دونوں موبائل آپریٹرز مشترکہ پلیٹ فارم کے تحت اپنی خدمات، نیٹ ورک، صارفین اور آپریشنز چلائیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے ٹیلی کام شعبے میں ایک بڑی پیش رفت، ٹیلی نار پاکستان اور یوفون کو باضابطہ طور پر ضم کر کے ایک نئی کمپنی پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) قائم کر دی گئی ہے۔ اس انضمام کے بعد دونوں موبائل آپریٹرز مشترکہ پلیٹ فارم کے تحت اپنی خدمات، نیٹ ورک، صارفین اور آپریشنز چلائیں گے، جبکہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) اب ایک الگ ادارے کی حیثیت سے کام کرے گا۔ پرو پاکستانی کے مطابق یہ انضمام کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) کی منظوری اور اس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

صحافی حافظ شیر افضل کے سسر کا انتقال، نمازِ جنازہ ادا

دومیل جنڈ (بیورو رپورٹ) معروف صحافی حافظ شیر افضل کے سسر گزشتہ روز انتقال کر گئے مرحوم کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاؤں پنڈ سلطانی میں ادا کی گئی جس میں علاقے کی سیاسی سماجی مذہبی صحافتی شخصیات عزیز و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

جہانگیرہ اندھے قتل کیس کا معمہ حل ملزم گرفتار

قتل کی وجہ موبائل فون کی اقساط کا تنازعہ، سکوٹی اور موبائل برآمد

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) سرکل تھانہ اکوڑہ خٹک کا علاقہ جہانگیرہ اندھے قتل کیس کا معمہ حل ملزم گرفتار نشاندھی پر مقتول کے زیر استعمال سکوٹی اور موبائل فون برامد تفصیلات تھانہ اکوڑہ خٹک کی حدود جہانگیرہ میں پیش آنے والے اندھے قتل کے واقعے کا پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے سراغ لگا لیا مسمی محمد نواز ولد نور نواز ساکن سٹیشن روڈ جہانگیرہ نے اپنے جوان سال بھائی ارسلان کی گمشدگی کی رپورٹ تھانہ میں درج کروائی تھی۔ ایس ڈی پی او اکوڑہ خٹک سرکل عدنان اعظم خان نے فوری طور پر ایس ایچ او تھانہ اکوڑہ عادل سید، ان کی ٹیم اور تفتیشی آفیسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن۔ سرچ آپریشن کے دوران 425 افراد، 226 گھروں، 26 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایل پی جی گیس کی من مانے نرخوں پر فروخت کا سلسلہ جاری

جنڈ (بیورو رپورٹ) تحصیل جنڈ اور گردونواح میں ایل پی جی گیس کی من مانے نرخوں پر فروخت کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری نرخنامے کو نظرانداز کرتے ہوئے مختلف دکاندار اپنی مرضی کے مطابق فی کلو اور گھریلو سلنڈر کی قیمتیں وصول کر رہے ہیں جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈھوک کالا خان کا کروڑوں روپے مالیت کا واٹر ٹینک تاحال غیر فعال

شہرنامہ کی نشاندہی پر ایم ڈی واسا نے دو ماہ میں منصوبہ فعال کرنے کی یقین دہانی کرادی

راولپنڈی (سردار وقار احمد): یونین کونسل نمبر 21 ڈھوک کالا خان، شمس آباد میں پانی کی قلت پر قابو پانے کے لیے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا زیر زمین واٹر ٹینک، جس پر لاکھوں روپے مالیت کی موٹر بھی نصب کی جا چکی ہے، کئی برس گزرنے کے باوجود تاحال فعال نہ ہو سکا، جس کے باعث علاقہ مکین بدستور پانی کے شدید بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہر نامہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نیو کٹاریاں میں سکول کا دورہ کر رہے ہیں

حافظ زبیر صدیقی نے عہدے کا حلف اٹھالیا

یوتھ پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے نوجوانوں اور علاقے کی آواز بنوں گا، گفتگو



پشاور (نمائندہ شہرنامہ) منتخب یوتھ ایم پی اے حافظ زبیر صدیقی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا زبیر صدیقی نے حلف برداری کے موقع پر خطاب بھی کیا ان کا خطاب نوجوانوں کیلئے خصوصی توجہ کا مرکز رہا پشاور میں منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زبیر صدیقی نے کہا کہ خیبر پختون خواہ معدنیات پانی زراعت سے مالا مال ہے مگر بدقسمتی سے اس کا استعمال غلط طریقے سے ہو رہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈاکٹر ریاض جنجوعہ کی ساس کے ایصالِ ثواب کیلئے دعائیہ تقریب

مختلف مکتبہ فکر کی ممتاز سیاسی، سماجی، مذہبی اور کاروباری شخصیات کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈاکٹر ریاض شہباز جنجوعہ کی ساس محترمہ ممتاز کیانی مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے اسلام آباد میں ایک پروقار اور روح پرور دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز سیاسی، سماجی، مذہبی اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد مرحومہ محترمہ ممتاز کیانی کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے اجتماعی دعا کی گئی۔ شرکاء نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کی قبر کو نور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سنگین جرائم میں ملوث 04 مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاون جاری ہے۔ سنگین جرائم میں ملوث 04 مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

گلشن شمال کی آبادی کیلئے ٹرانسفارمر کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے گا، ایس ڈی او عصمت اللہ

اڈیالہ (نامہ نگار) بجلی کا حصول عوام کا بنیادی حق ہے۔ گلشن شمال کی آبادی کیلئے ٹرانسفارمر کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے گا۔ واپڈا صارفین صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ اپ کے مسائل کا پائیدار حل نکال لیا جائے گا۔ ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

بڑے افسر کے ڈرائیور کی لوٹ مار شہری کی درخواست پر مقدمہ درج

مجسٹریٹ کی سرکاری گاڑی کو استعمال کر کے حبس بے جا میں رکھا، تشدد کیا، شہری محمد وقار

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں ضلعی انتظامیہ سے متعلق انتہائی سنگین معاملہ اس وقت سامنے آیا جب شہری محمد وقار نے انکشاف کیا کہ امقامی انتظامیہ کے مبینہ ذاتی ڈرائیور اسامہ نے مجسٹریٹ کی سرکاری گاڑی غیر قانونی طور پر استعمال کرتے ہوئے اور خود کو مجسٹریٹ کا ریڈر ظاہر کر کے اسے نہ صرف دو گھنٹے حبس بے جا میں رکھا بلکہ بدترین تشدد کا نشانہ بنا کر بھتہ وصولی کی، شہری کی تحریری درخواست پر اسسٹنٹ کمشنر انڈسٹریل ایریا اسلام آباد نے بھتہ خور اسامہ نامی ملزم اور اسکے دو ساتھیوں پر ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دے دیا توجہ طلب امر یہ ہے کہ پولیس نے ایف آئی آر میں بھتہ خوری کی دفعات شامل نہ کر کے شکوک شبہات پیدا کر دیئے، ناقص تفتیش اور ملزم کو پروٹوکول دے کر کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کر رہا ہے

کشمیر جیسے معاملات پر وفاقی و صوبائی اداروں میں قریبی رابطہ ناگزیر ہے، شرجیل میمن

وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون کی ملاقات، کشمیر اور سندھ حکومت میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (آئی این پی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کشمیر جیسے قومی مفاد کے معاملات پر تمام وفاقی و صوبائی اداروں کے درمیان قریبی رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ انہوں نے یہ بات وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون سے ملاقات کے موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سرینا ہوٹلز کا ٹی ٹو ٹرائمف گالف کیمپ کامیابی سے مکمل

48 نوجوان لڑکیوں نے پیشہ ورانہ تربیت حاصل کی خواتین کے کھیلوں کے فروغ کا اعادہ

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) سرینا ہوٹلز نے اپنے کھیلوں کی سفارت کاری اقدام کے تحت مارگلہ گرینز گالف کلب کے تعاون سے نوجوان لڑکیوں کے لیے ٹی ٹو ٹرائمف گالف ٹریننگ کیمپ کا چوتھا کامیاب ایڈیشن مکمل کر لیا مسلسل چوتھے سال منعقد ہونے والے اس تربیتی کیمپ میں 48 سے زائد نوجوان لڑکیوں نے شرکت کی اور مارگلہ گرینز گالف کلب کے مستند کوچز کی نگرانی میں گالف کی پیشہ ورانہ تربیت حاصل کی کیمپ کا مقصد نوجوان لڑکیوں کو گالف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل مری کامران صغیر جھیکا گلی کا دورہ کر رہے ہیں

سلامت علی میموریل ڈویژنل فٹبال ٹورنامنٹ سجاد شہید کلب اوگی نے جیت لیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ٹاؤن شپ گراؤنڈ مانسہرہ میں کھیلے جانے والا اسلامت علی میموریل ڈویژنل فٹبال ٹورنامنٹ سجاد شہید کلب اوگی نے جیت لیا، فائنل میچ میں شمع ہزارہ کلب دھمتوڑ کو صفر کے مقابلے ایک گول سے شکست، میچ شائقین فٹبال کی کثیر تعداد نے دیکھا، کھلاڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پنجاب الیکٹرک بسوں چلانے کا اقدام انقلابی، ساجد عباسی

مسلم لیگ (ن) کی حکومت عوام سے کیے گئے وعدوں کی عملی تکمیل پر یقین رکھتی ہے

راولپنڈی (سٹاف رؔ ورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے اسٹیٹ آف دی آرٹ جدید طرز کی الیکٹرک بسیں پورے پنجاب میں چلانے کے عزم کو عوام دوست اور انقلابی اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے سے نہ صرف شہریوں کو جدید، محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بالخصوص راولپنڈی سے مری تک جدید الیکٹرک بس سروس شروع کرنے کا فیصلہ سیاحوں، مقامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد پولیس کے اعلیٰ افسران کا اجلاس جاری ہے

بھارت پورے خطے بالخصوص پاکستان میں عدم استحکام پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے، سیکیورٹی ذرائع

بھارتی جنونیت اور اجارہ داری ایک مضبوط، خوشحال اور معتدل پاکستان کو اپنے لیے خطرہ سمجھتی ہے

بھارتی میڈیا اور سیاست دونوں پاکستان اور پاکستان کی افواج کے بارے میں بیانیہ بنانے میں الجھے رہتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) بھارت اپنے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے پورے خطے بالخصوص پاکستان میں عدم استحکام پھیلانے پر لگا ہوا ہے۔ میڈیا انفلوئنسرز کے ساتھ اعلیٰ سکیورٹی عہدیدار کی بھارت کے موضوع پر اہم نشست ہوئی جہاں خطے کی صورتحال خصوصاً بھارت کی پاکستان کے خلاف سرگرمیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

وینزویلا: تباہ کن زلزلہ، ہلاکتیں 2595 تک پہنچ گئیں

12 ہزار 400 زخمی ہیں سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری

کراکس (صباح نیوز) وینزویلا کی عبوری صدر ڈیلسی روڈریگز نے کہا ہے کہ ملک میں 24 جون کو آنے والے تباہ کن زلزلوں کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 2595 ہوگئی جبکہ زخمیوں کی تعداد 12 ہزار 400 سے تجاوز کر چکی ہے۔ وینزویلا کی عبوری صدر ڈیلسی روڈریگز نے بتایا کہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے اور حکومت نے امدادی سرگرمیاں ختم نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

بھارت، ریاست منی پور میں 20 گھر نذر آتش

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت کی شمال مشرقی ریاست منی پور میں آتشزدگی کے تازہ واقعے نے ایک بار پھر یہ باور کرایا ہے کہ تین سال قبل پھوٹ پڑنے والے فرقہ وارانہ اور نسلی فسادات کی آگ ابھی تک پوری طرح سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ڈسکہ، ٹریکٹر ٹرالی نے میاں بیوی اور بیٹی کو کچل دیا، خاتون جاں بحق

شاہد کی بیوی ساجدہ زخموں کی تاب نہ لاکر موقع پر جاں بحق، شاہد اور عشا نور زخمی

ڈسکہ (آئی این پی) صوبہ پنجاب کے شہر ڈسکہ میں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے میاں بیوی اور ان کی بیٹی کو کچل دیا جس کے نتیجے میں خاتون موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں باپ بیٹی شدید زخمی ہوگئے، متاثرہ شہری شاہد اپنی بیوی ساجدہ اور 5 سالہ بیٹی عشا نور کے ہمراہ جیسر والا کے قریب موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ یو ٹرن پر تیز رفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اٹک خاتون کو بیسٹ سٹیزن ایوارڈ سے نواز دیا گیا

گمشدہ دو معصوم بچوں کو بحفاظت والدین سے ملوانے میں پولیس سے تعاون کیا تھا

جنڈ (بیورو رپورٹ) انسانی ہمدردی اور ذمہ دار شہری ہونے کی بہترین مثال، گمشدہ دو معصوم بچوں کو بحفاظت والدین سے ملوانے میں تعاون کرنے والی خاتون کو ڈی پی او اٹک نے Good Citizen Award سے نوازا، تفصیلات کے مطابق اٹک شہر کی رہائشی ایک خاتون کو دو معصوم بچے ملے، خاتون نے انسانی ہمدردی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے بچوں کو اپنے ساتھ گھر لے جا کر ان کی بہترین دیکھ بھال کی اور فوری طور پر اٹک پولیس کو اطلاع دی، اطلاع ملتے ہی اٹک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بچوں کے والدین کو تلاش کر لیا اور دونوں بچوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی کی ٹیم ملاوٹی دودھ کو تلف کر رہی ہے

غیر ملکی خواتین سے زیادتی واغوا کیس، ملزمان کا ریمانڈ منظور

لاہور (آئی این پی) لاہور کی مقامی عدالت نے غیر ملکی خواتین سے مبینہ زیادتی اور اغوا کے مقدمے میں گرفتار چار ملزمان کو 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا، عدالت نے آئندہ سماعت پر تفتیشی سے رپورٹ طلب کر لی۔ لاہور کی کینٹ کچہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

THQ ہسپتال گوجر خان میں تشخیصی سہولیات کی عدم دستیابی، مریض پریشان

محکمہ ہیلتھ کے زمہ داران ایکسرے ٹیکنیشن اور ریڈیالوجسٹ فراہم کرنے میں ناکام

گوجر خان (بیورو رپورٹ) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان میں تشخیصی سہولیات کی عدم دستیابی، مریض پریشان، محکمہ ہیلتھ کے زمہ داران ایکسرے ٹیکنیشن اور ریڈیالوجسٹ فراہم کرنے میں ناکام، عوامی سماجی حلقوں کا منتخب نمائندوں اور محکمہ ہیلتھ کے زمہ داران کے خلاف وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ، ریڈیالوجسٹ اور ٹیکنیشن کی تعیناتی کے لیے اعلیٰ حکام کو تحریری طور پر مطلع کر دیا، ایم ایس عمر فاروق مرزا تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان میں تشخیصی سہولیات کی صورتحال پر مریضوں اور شہریوں نے تحفظات کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

نارووال، خاتون نے منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچی کو جنم دیدیا

نارووال (صباح نیوز) خاتون نے اسپتال منتقلی کے دوران ایمبولینس میں بچی کو جنم دے دیا۔ ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق بوبک مرالی بنیادی مرکز صحت سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

سہیل آفتاب نے جرمنی میں بطور پریس قونصلر عہدے کا چارج سنبھال لیا

میڈیا مینجمنٹ اور پبلک ڈپلومیسی کے شعبوں میں خدمات انجام دے چکے



برلن (خصوصی رپورٹ) حکومتِ پاکستان کے وزارتِ اطلاعات و نشریات کے سینئر افسر ڈاکٹر سہیل آفتاب نے جرمنی کے دارالحکومت برلن میں پاکستان کے سفارت خانے میں بطور پریس قونصلر اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا ہے۔ ڈاکٹر سہیل آفتاب کا تعلق انفارمیشن گروپ سے ہے اور انہیں حکومتِ پاکستان کی جانب سے بیرونِ ملک سفارتی میڈیا امور کی ذمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ویزا فراڈ میں ملوث ملزم کو 2 سال قید، 5 لاکھ جرمانے کی سزا

لاہور (آئی این پی) لاہور میں عدالت نے ویزا فراڈ میں ملوث ملزم کو 2 سال قید بامشقت اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مانسہرہ TMA اور ٹرانسپورٹ یونین کے درمیان جھگڑا، مسافر خوار

انتظامیہ و منتخب قیادت لاری اڈہ مانسہرہ میں کشیدگی فوری ختم کرائے، مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ ٹھاکرہ لاری اڈہ تنازعہ، TMA اور ٹرانسپورٹ یونین کے درمیان جھگڑا مسافروں اور عوام کیلئے وبال جان بن گیا، ٹرانسپورٹ کا پہیہ رکنے اور اڈہ میں دنگا فساد مار کٹائی فائرنگ و کشیدگی سے مسافروں اور سیاحوں کے علاوہ تاجر برادری اور شہری بھی پریشان و مشکلات کا شکار، مانسہرہ انتظامیہ و منتخب قیادت لاری اڈہ مانسہرہ میں کشیدگی فوری ختم کرائے اور حالات معمول پر لائے جائیں، شہری عوامی و تاجر حلقوں اور مسافروں کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق لاری اڈہ مانسہرہ قبضہ تنازعہ پر پچھلے کئی روز سے جاری کشیدگی اب مزید پھیل چکی ہے معاملہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سانحہ گل پلازہ، پراسیکیوشن نے پولیس کا چالان واپس کردیا، تفتیش نامکمل و ناقص قرار

کراچی (آئی این پی) سٹی کورٹ کراچی میں سانحہ گل پلازہ کیس کی سماعت کے دوران پراسیکیوشن نے پولیس کی جانب سے جمع کرایا گیا چالان ایک بار پھر واپس کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پراسیکیوشن نے پولیس کی تفتیش کو نامکمل اور ناقص قرار دیتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

تھانہ شمس کالونی، سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو کارندے گرفتار

ملزمان سے قیمتی موبائل فونز اور 06 لاکھ نقدی برآمد، متعدد وارداتوں کا انکشاف

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم نے گھریلو چوری کی وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کے دو کارکن کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی موبائل فونز اور 06 لاکھ نقدی برآمد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی کارکردگی صفر شہریوں کا شدید احتجاج

شہر مسائلستان بن گیا عوامی مسائل کو فوری حل کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی کارکردگی صفر شہریوں کا شدید احتجاج، شہر مسائلستان بن گیا، عوامی مسائل کو فوری حل کیا جائے شہریوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی کارکردگی پر شہریوں نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر مسائل کی آماجگاہ بن چکا ہے، مگر انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، سیوریج کا نظام بری طرح ناکام ہو چکا ہے جبکہ نالیاں ابلنے سے تعفن پھیل رہا ہے اور شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویدر پروف پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083